www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 22 رمضان 1447ھ 12 مارچ 2026ء صفحات 08 | شمارہ 248

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

آپریشن غضب للحق: 641 طالبان اور خوارج ہلاک، 855 زخمی، افغان فوجی ژوب سیکٹر میں پوسٹیں چھوڑ کر فرار

افغان طالبان رجیم کی 243 چیک پوسٹس تباہ، 42 قبضے میں لے کر اڑا دی گئیں، 219 ٹینک، اسلحہ بردار گاڑیاں اور آرٹلری گنز بھی تباہ کر دیں، وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ

پاک فوج نے افغان سرحد پر ژوب سیکٹر میں طالبان کی پوسٹ نمبر 2 اور 3 کو نشانہ بنایا، طالبان کے زیر قبضہ پوسٹوں سے روسی ساختہ ہیوی گرنیڈ لانچرز قبضے میں لے لیے

افغانستان میں 65 دہشتگردوں کے اور معاون مقامات کو فضائی کارروائی میں نشانہ بنایا گیا، آپریشن غضب للحق اپنے اہداف کے حصول تک جاری رہے گا، سیکورٹی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آپریشن غضب للحق میں افغان طالبان رجیم کے 641 کارندے ہلاک اور 855 سے زائد زخمی ہوگئے۔ وزیر اطلاعات عطاللہ تارڑ نے افغان طالبان رجیم کے نقصانات کے اعداد و شمار جاری کر دیے، جس کے مطابق پاکستان کی جوابی کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے 641 کارندے ہلاک اور 855 سے زائد زخمی ہوئے۔ عطاللہ تارڑ نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کی 243 چیک پوسٹس تباہ کر دی گئیں اور 42 قبضے میں لے کر اڑا دی گئیں، 219 ٹینک، اسلحہ بردار گاڑیاں اور آرٹلری گنز بھی تباہ کر دی گئیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ افغانستان میں 65 دہشتگردوں کے اور معاون مقامات کو فضائی کارروائی میں نشانہ بنایا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افغان سرحد پر ژوب سیکٹر میں افغان طالبان کی پوسٹ نمبر 2 اور 3 کو نشانہ بنایا گیا ہے، پاک فوج کی بھرپور کارروائی سے افغان طالبان پوسٹیں اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے افغان طالبان کے زیر قبضہ پوسٹوں سے روسی ساختہ ہیوی گرنیڈ لانچرز قبضے میں لے لیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ آپریشن غضب للحق جاری ہے اور اپنے اہداف کے حصول تک جاری رہے گا۔ افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف پاک افواج کی جوابی کارروائیوں کے نتیجے میں روسی ساختہ ہیوی گرنیڈ لانچرز برآمد کر لئے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افغان سرحد...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

مشکوک شناختی کارڈز رکھنے والوں کیخلاف گھیرا مزید تنگ

81 افغانیوں کے شناختی کارڈز منسوخ، جانچ پڑتال کیلئے تصدیقی بورڈز قائم

اسلام آباد (آئی این پی) نادرا نے جعلی یا مشکوک شناختی کارڈ رکھنے والوں کیخلاف گھیرا مزید تنگ کرتے ہوئے جانچ پڑتال کیلئے تصدیقی بورڈز قائم کر دیے۔ رپورٹ کے مطابق ملک کے ڈیٹا سینٹرز سے جعلی شناختی کارڈز کے 1247 کیسز ریجنل بورڈز کو ارسال...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

آپریشن غضب للحق میں نشانہ بنائی جانے والی افغان چیک پوسٹ کی تباہی کا منظر

بلوچستان حکومت نے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس اسکیم کا آغاز کر دیا

اقدام کا مقصد طلبہ و طالبات، ورکنگ وومن اور عام شہریوں کو بہتر اور کم خرچ سہولیات فراہم کرنا ہے، وزیر اعلیٰ

حکومت بلوچستان عوام کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں جدید، سستی اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے الیکٹرک بائیکس اسکیم کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس اقدام کا مقصد طلبہ و طالبات، ورکنگ وومن...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز کے قریب تھائی بحری جہاز پر میزائل حملہ، سعودی عرب کا پرنس سلطان ایئر بیس پر داغے گئے 6 میزائل فضا میں تباہ کرنے کا دعویٰ، دبئی ایئرپورٹ کے قریب 2 ڈرون گر گئے، 4 افراد زخمی، ایران میں نشانہ بنانے کیلئے کچھ نہیں بچا، جنگ جلد ختم ہو جائیگی، ٹرمپ

ایران کے سعودی عرب، کویت، بحرین اور عراق میں امریکی اڈوں پر میزائلوں سے مسلسل حملے

بن گوریان ایئرپورٹ پر میزائلوں کی بارش، ایران کے 50 بحری جہازوں کو تباہ کر دیا، امریکہ

ایرانی حملوں کی 37 ویں لہر کے دوران طاقتور میزائلوں سے امریکی و اسرائیلی اہداف پر حملے کئے گئے، بن گورین ایئرپورٹ پر سوائے چند میزائل روکنے کے اسرائیل کا دفاعی نظام ناکام رہا، سائرن بج اٹھے

کویت و بحرین میں فوجی اڈوں پر حملوں میں 100 امریکی فوجیوں کو زخمی کرنے کا دعویٰ، عراق میں امریکی آئل کمپنی پر ڈرون حملے سے خوفناک آگ بھڑک اٹھی، اسرائیل کی تہران میں تیل ڈپو پر بمباری

آبنائے ہرمز سے تیل کی آزادانہ ترسیل کے لئے پرعزم، ایپک فیوری آپریشن کامیابی سے جاری، صدر ٹرمپ جنگ کے اہداف تیزی سے حاصل کرنے کے لئے پراعتماد ہیں، ترجمان وائٹ ہاؤس

ایران پر فضائی حملوں میں سپریم لیڈر کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں، اسرائیل، ایران کی مجتبیٰ خامنہ ای پر حملے کی تردید، بیروت پر اسرائیلی فضائی حملے میں چار ایرانی سفارتکار شہید، پراسرار ڈرون امریکی جوہری بمبار بیس تک جا پہنچا، سیکورٹی الرٹ

تہران، تل ابیب، ماسکو، واشنگٹن، جدہ، لندن (م ڈ) اسرائیلی فضائیہ نے ایک بار پھر ایران کے مختلف شہروں پر حملہ کیا ہے جس کے بعد تہران اور دیگر شہروں میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں جبکہ پاسداران انقلاب کا آپریشن وعدہ صادق 4 کے تحت امریکی اور صیہونی اہداف کے خلاف حملوں کی نئی لہر کا آغاز کر دیا، ایرانی حملوں کی 37 ویں لہر کے دوران...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کفایت شعاری سے متعلق صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بھی موجود ہیں

ایران کی آبنائے ہرمز میں بنگلہ دیش کا تیل نہ روکنے کی یقین دہانی

تہران (م ڈ) ایران نے آبنائے ہرمز پر بنگلہ دیش کا تیل نہ روکنے کی یقین دہانی کرا دی۔ دی بزنس اسٹینڈرڈ کی رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیشی ٹینکرز آبنائے ہرمز عبور...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

لبنان، اسرائیلی حملے 570 جاں بحق، 7 لاکھ سے زائد بے گھر

ایک لاکھ 22 ہزار شہری حکومت کے زیر انتظام سرکاری پناہ گاہوں میں مقیم

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان اور بیروت کے جنوبی مضافات پر نئے سرے سے فضائی حملے کیے۔ یہ حملے اسرائیلی فوج کی جانب سے انخلا کے نئے انتباہات جاری کرنے کے بعد کیے گئے جبکہ حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان جنگ کے آغاز...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 4.70 فیصد کی سطح پر ریکارڈ

ایک ہفتے کے دوران 13 اشیاء مہنگی اور 11 کی قیمتیں کم ہوئیں

ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی بارے رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 4.70 فیصد کی سطح پر ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی بارے رپورٹ جاری کر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.37 فیصد کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ایک ہفتے کے دوران 13 اشیاء مہنگی اور 11 کی قیمتیں کم ہوئیں ہیں...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن جماعتوں کا اجلاس، اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کی تجویز

لطیف کھوسہ نے ایوان میں قرارداد پیش کرنے اور ایوان میں اسرائیل کی مخالفت کا کہا

کمیٹیوں سے نکل کر کچھ نہ ملا اور ہم اپنا موقف بھی نہیں پیش کرسکتے، شیر علی ارباب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت اپوزیشن جماعتوں کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اسمبلیوں سے استعفیٰ کی تجاویز سامنے آگئیں۔ نجی ٹی وی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ضرورت پڑی تو سعودی عرب کی ہر حال میں مدد کرینگے، ترجمان وزیر اعظم

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سیکورٹی تعاون کوئی نئی بات نہیں، ہمیشہ ایک دوسرے کے دفاعی مفادات کا خیال رکھتے آئے ہیں

اس میں کوئی سوال ہی نہیں، ہم ہر وقت اور ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے، مشرف زیدی کی بلوم برگ سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کے ترجمان مشرف زیدی نے کہا ہے کہ ضرورت پڑی تو سعودی عرب کی ہر حال میں مدد کریں گے۔ بلوم برگ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

تاریخ میں کسی نے ٹرسٹی کو کبھی نہیں کہا آپ اونرشپ لیں، بیرسٹر گوہر

القادر وہ کیس ہے، جس میں بانی اور ان کی اہلیہ کو سزا ہوئی، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا، کسی نے ٹرسٹی کو کہا ہو کہ آپ اونرشپ لیں۔ ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ چیف جسٹس کی عدالت میں القادر کیس کی اپیل اور ضمانت کا کیس سماعت کے لیے مقرر تھا۔ انہوں نے کہا کہ القادر وہ کیس ہے، جس میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سزا ہوئی ہے، تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کسی نے ٹرسٹی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سلامتی کونسل، ایران کی جانب سے پڑوسی ممالک پر حملوں کیخلاف قرارداد منظور

پاکستان نے خلیجی ممالک کی جانب سے ایران کے خلاف پیش قرارداد کے حق میں ووٹ دیا

اسلام آباد (م ڈ) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایران کی جانب سے پڑوسی ممالک پر حملوں کے خلاف قرارداد منظور کر لی گئی۔ سلامتی کونسل اجلاس میں پڑوسی ممالک...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اخبارات کو شدید مالی بحران کا سامنا، اے پی این ایس

واجبات کی فوری ادائیگی کی جائے، ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں، سینیٹر سرمد علی

کراچی (پ ر) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (APNS) نے وزیراعظم سے اپیل کی ہے کہ عید سے قبل اخبارات کے واجبات کی ادائیگی کی منظوری دی جائے، جس کی منظوری پہلے ہی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ECC) دے چکی ہے۔ آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کے صدر سینیٹر سرمد علی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اخبارات کے واجبات...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

نائب وزیراعظم کا خطے میں حالیہ پیشرفت، کویت پر حملوں پر گہری تشویش کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ ترجمان...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی کرپشن مقدمہ، چوہدری پرویز الٰہی کی اپیل پر سماعت (آج) ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور انکے بیٹے راسخ الٰہی کی اینٹی کرپشن مقدمہ میں ضمانت منسوخی کی اپیل (آج) جمعرات کو سماعت کیلئے مقرر کر دی ہیں۔ عدالت...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ون ڈے سیریز، بنگلہ دیش نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دیدی

پاکستانی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 30.1 اوورز میں 114 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

بنگلہ دیش نے دیئے گئے 115 رنز کے ہدف کو 15.1 اوورز میں حاصل کرلیا

ڈھاکہ (م ڈ) تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بنگلہ دیش نے پاکستان کو عبرتناک شکست دیتے ہوئے 8 وکٹوں سے میچ اپنے نام کرلیا۔ بنگلہ دیش...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کا مقصد کیا تھا؟ صحافی کا سوال، پرائیویٹ ڈسکشن تھی، جین میریٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا کہ پارلیمنٹ آمد کا مقصد سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کرنا تھا، اس موقع پر ان سے صحافی نے سوال کیا کہ ملاقات کا ایجنڈا کیا تھا؟ اس پر جین میریٹ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر میڈیا نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

قومی اسمبلی اجلاس آج

سہ پہر تین بجے طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر نے قومی اسمبلی کا اجلاس آج (جمعرات) سہ پہر تین بجے طلب کر لیا۔ اس سے قبل قومی اسمبلی اجلاس جمعہ ساڑھے 10 بجے تک...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: یوم شہادت علیؓ کا مرکزی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے گزر رہا ہے

ہائیکورٹ میں چار روزہ ورکنگ ویک نافذ کیا جائیگا، چیف جسٹس

ججز اور اسٹیبلشمنٹ اخراجات میں 50 فیصد کمی کی جائیگی، جسٹس کامران

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ میں فل کورٹ اجلاس ہوا جس کی صدارت چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نے کی۔ اجلاس میں قومی عدالتی (پالیسی سازی) کمیٹی کے زور اجلاس کے بعد...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی کابینہ کا کفایت شعاری پیکیج کا اعلان، 800 غیر ضروری آسامیاں تحلیل

موجودہ عالمی اور علاقائی صورتحال کے تناظر میں سرکاری اخراجات میں کمی اور ایندھن کی بچت کیلئے اہم فیصلے

سرکاری افسران جن کی تنخواہ تین لاکھ روپے سے زائد ہے وہ بھی رضا کارانہ طور پر دو دن کی تنخواہ حکومت کو دیں گے

موجودہ معاشی حالات میں وسائل کے محتاط اور ذمہ دارانہ استعمال کی اشد ضرورت ہے، وزیراعلیٰ کی اجلاس میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کفایت شعاری سے متعلق صوبائی کابینہ کا ایک خصوصی اجلاس بدھ کے روز یہاں منعقد ہوا جس میں موجودہ عالمی اور علاقائی صورتحال کے تناظر میں سرکاری اخراجات میں کمی اور ایندھن کی...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

محمود اچکزئی سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، مختلف امور پر گفتگو

باہمی روابط کو مضبوط بنانے اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (پ ر) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے برطانوی ہائی کمشنر...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

خطے کے ممالک کیساتھ تنازعات میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں، ایرانی صدر

عالمی برادری جنگ کے ذمہ داروں پر توجہ نہیں دیتی تو سیکورٹی کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، مسعود پزشکیان

وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی صدر کی بات چیت میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ایرانی میڈیا

تہران (م ڈ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کا خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ کسی تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم شہباز شریف سے گفتگو کی ہے، جس میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ کے تحت ماہانہ کٹوتی کی شرح مقرر

حکومت ملازم کی پنشن کیلئے 12 فیصد حصہ فنڈ میں جمع کریگی، محکمہ خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت نے سرکاری ملازمین کے لیے کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ کے تحت ماہانہ کٹوتی کی شرح مقرر کر دی۔ فنانس ڈپارٹمنٹ بلوچستان کی...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی چیف منسٹر الیکٹرک بائیکس اسکیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

رواں سال 30 روزے ہونے کا امکان ہے، سپارکو

19 مارچ کی شام شوال کا چاند نظر آنے کے امکانات کم ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کا کہنا ہے کہ رواں سال 30 روزے ہونے کا امکان ہے، سپارکو کو عیدالفطر 21 مارچ کو ہونے کی توقع ہے۔ سپارکو کے مطابق شوال کا چاند 19 مارچ کو صبح 6 بج کر 23 منٹ پر پیدا ہوگا، 19 مارچ کو غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر تقریباً 12 گھنٹے 41 منٹ ہوگی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس: نیب کو ایک لاکھ روپے جرمانہ، فریقین کو نوٹس جاری

جرمانہ بانی اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں کے کیس میں اسپیشل پراسیکیوٹر کی عدم حاضری پر کیا گیا

نیب والے بانی پی ٹی آئی کو کسٹڈی میں رکھ کر ایک ایک آنکھ ضائع کر رہے ہیں، وکیل سلمان صفدر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزاؤں کیخلاف بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں کے کیس میں اسپیشل پراسیکیوٹر کی عدم حاضری پر نیب کو ایک لاکھ روپے جرمانہ کر دیا۔ نیب کی متفرق درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے گئے۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے سماعت کی۔ بانی پی ٹی آئی کے وکلا بیرسٹر سلمان صفدر اور اعتزاز احسن عدالت میں پیش ہوئے۔ نیب کے اسپیشل پراسیکیوٹر رافع مقصود نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ ہم نے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر متفرق...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

شاہد خٹک اور سینیٹر زرقا کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ

آپ نے پیسے لیے ہیں آپ کیوں یہاں بیٹھی ہیں، شاہد خٹک

پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی اجلاس میں ارکان شاہد خٹک پر برس پڑے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں شاہد خٹک اور سینیٹر زرقا کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ شاہد خٹک...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

علاقائی کشیدگی، پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل ششماہی اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری

آئی ایم ایف کو معاشی صورتحال اور نئے بجٹ سے متعلق ٹیکس تجاویز پر بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل ششماہی اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہیں۔ گزشتہ روز آئی ایم ایف کو معاشی صورتحال اور نئے بجٹ سے متعلق ٹیکس تجاویز پر بریفنگ دی گئی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر بڑا اضافہ

امریکی خام تیل 1.94 فیصد اضافے کے ساتھ 85 ڈالر فی بیرل ہو گیا

نیویارک (م ڈ) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی خام تیل 1.94 فیصد اضافے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کینٹ پولیس نے 8 ماہ پرانی نعش برآمد کرلی

نامعلوم افراد نے نعش کے ٹکڑے کرکے صحن میں دفن کر دیا تھا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کینٹ پولیس نے ایک مکان سے آٹھ ماہ پرانے انسانی اعضا برآمد کر لئے۔ نامعلوم افراد نے قتل کرنے کے بعد لاش کے ٹکڑے کر کے اعضا...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

چاغی: قیام امن کیلئے ادارے باہمی رابطہ میں رہیں، آئی جی ایف سی

عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام ادارے موثر کردار ادا کریں، میجر جنرل بلال سرفراز

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان کی زیر صدارت میں چاغی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ پولیس افسر، ضلعی انتظامیہ چاغی اور دیگر اداروں اور...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کیلئے امریکہ کا سفری انتباہ، طالبان رجیم عالمی تنہائی کا شکار

امریکی شہریوں کو کسی بھی صورت افغانستان کے کسی بھی حصے کا سفر نہ کرنے کی ہدایت

واشنگٹن (م ڈ) بھارت کی سرپرستی میں افغانستان سے پنپتی دہشتگردی خطے اور عالمی امن کیلئے سنگین چیلنج بن چکی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے افغانستان کو اسٹیٹ اسپانسر آف رانگ فل ڈیٹینشن قرار دے دیا، امریکی اسسٹنٹ سیکرٹری نے بھی امریکی...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: پولیس کی گاڑی پر فائرنگ، ایک اہلکار زخمی

تربت (این این آئی) آسکانی شاہ آباد پولیس چیک پوسٹ کے موبائل گاڑی پر دوران گشت نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا اور گاڑی کے ٹائر برسٹ ہوگئے ہیں۔

پی بی 36 قلات: میر ضیا لانگو کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری

انتخابات میں بدترین دھاندلی ہوئی، جمعیت، نتائج مسترد کر دیئے

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 36 قلات میں ضمنی انتخاب کے بعد بلوچستان عوامی پارٹی کے امیدوار میر ضیا اللہ لانگو...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں گھی اور کوکنگ آئل مہنگا ہونے کا خدشہ

عالمی مارکیٹ میں پام آئل کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عوام کو مہنگائی کا ایک اور تحفہ ملنے کا امکان، گھی اور کوکنگ آئل مہنگا ہونے کا خدشہ، عالمی مارکیٹ میں پام آئل کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

زرغون روڈ منصوبے میں تاخیر قبول نہیں، بلوچستان ہائیکورٹ

کسی قسم کا عذر برداشت نہیں کیا جائے گا، پی ڈی اور پی ڈی اے کے انجینئر حبیب اللہ کاکڑ مشترکہ طور پر سائٹ کا دورہ کریں

26 مارچ تک منصوبے کے مقام کا دورہ کر کے تفصیلی رپورٹ 28 مارچ تک عدالت میں جمع کرائے، عدالت کا حکم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ میں چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے مختلف سرکاری منصوبوں سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کی، جس کے دوران عدالت کو منصوبوں کی پیش رفت اور...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایم پی اے میر صادق عمرانی سے سلیم کھوسہ، پرنس آغا عمر احمدزئی، ضیا لانگو اور زرک مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ میں یوم علیؓ کی مناسبت سے ماتمی و تعزیتی جلوس اختتام پذیر، سیکورٹی ہائی الرٹ

جلوس شہدا چوک سے برآمد ہوا جو علمدار روڈ، ابراہیم اسٹریٹ، میکانگی روڈ، آرٹس اسکول روڈ سے گزرا

تمام راستے ٹرک کھڑے کرکے بند کئے گئے، سیکورٹی کیلئے پولیس اور ایف سی کے دو ہزار افسران و اہلکار تعینات تھے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) یوم علیؓ کے سلسلے کا شبیہ ذوالجناح، تعزیوں اور علموں کا مرکزی ماتمی جلوس شہدا چوک علمدار روڈ سے برآمد ہوا جو اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا اختتام پذیر ہو گیا۔ جلوس کے راستوں کو قناتیں لگا کر ٹرک کھڑے کر کے سیل کر دیا گیا تھا جبکہ جلوس کی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

2 لاکھ سے زائد بچوں کو سکول داخل کرنے کا ہدف مقرر ہے، سپیشل سیکرٹری

داخلہ مہم کے تحت 1 لاکھ 10 ہزار 711 بچیاں اور 1 لاکھ 50 ہزار 300 لڑکوں کو سکولوں میں داخل کیا جائیگا

محکمہ تعلیم ہر بچہ سکول جائے روشن بلوچستان بنانے کے سلوگن پر عمل پیرا ہو کر اقدامات کر رہا ہے، عبدالسلام خان

[illegible]



ڈائریکٹر پلاننگ کوآرڈینیشن اینڈ ریسکیو نوید احمد سیلاب متاثرین کے بحالی کیلئے پیش رفت اور گھروں کی حوالگی منصوبے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کا تبادلہ خوش آئند ہے، انجمن تاجران

سبزی وفروٹ مارکیٹ کے مسائل کا انبار لگا تھا، حاجی ظہور و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران بلوچستان بزار گنجی کمرشل زون کا صدر حاجی ظہور کاکڑ جنرل سیکرٹری خان کاکڑ و دیگر نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی بزار گنجی کا تبادلہ خوش آئند اقدام ہے کئی عرصہ سے سابق سیکرٹری اپنے دفتر سے غیر حاضر رہتے تھے۔ اس غیر حاضری سے مارکیٹ کے کاروباری حضرات کو شدید مشکلات درپیش تھیں سبزی وفروٹ مارکیٹ کے مسائل کا انبار لگا تھا کافی عرصہ سے سابق سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کی وجہ سے منڈی کے مسائل جوں کے توں تھے آج نئی مارکیٹ کمیٹی بزار گنجی کے تعیناتی کو ہم بزار گنجی کے تاجران خوش آئند اقدام قرار دیا ہے منڈی کا مسائل حل کا جانب گامزن ہونے کا توقع رکھتے ہے نئی سیکرٹری سے تاجران کو کافی توقعات ہیں کہ وہ مارکیٹ کے مسائل حل کرنے میں اپنی کوشش کریں گے۔

اسلام نفرت نہیں امن و رواداری کا دین ہے، جے ٹی آئی

مغربی میڈیا پر اسلام کیخلاف جاری مہم بے بنیاد ہے، حافظ حبیب الرحمٰن

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت طلباء اسلام کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی حافظ اکرام اللہ حافظ عبدالمنتقم کاکڑ سعید احمد ربانی نیک محمد ولی محمد اسماعیل مری عبدالقاہر روبی نعیم حیدری حفیظ بلوچ قاری عثمان شکیل احمد نعمت اللہ مبشر سلطان ایوبی مطیع اللہ فرہاد رحمت اللہ اور سلیمان خیل نے برطانوی میڈیا میں اسلام اور مسلمانوں کے حوالے سے بڑھتی ہوئی منفی اور جانبدارانہ رپورٹنگ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج کے دور میں میڈیا افکار و نظریات کی جنگ کا ایک مؤثر ہتھیار بن چکا ہے بعض مغربی میڈیا ادارے اسلام کو اس کے حقیقی پیغام کی بجائے منفی زاویے سے پیش کر کے ایک منظم میڈیا وار کا حصہ بنتے دکھائی دیتے ہیں انہوں نے کہا کہ حالیہ تحقیق جس میں برطانیہ کے تقریباً 30 بڑے خبر رساں اداروں میں شائع ہونے والے مواد کا جائزہ لیا گیا اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ اسلام اور مسلمانوں کو اکثر یک رخی اور منفی تناظر میں پیش کیا جاتا ہے جو حقائق کی مکمل عکاسی نہیں کرتا اس طرز کی رپورٹنگ اسلام کے امن عدل اور انسانیت کے آفاقی پیغام کو پس منظر میں دھکیل دیتی ہے انہوں نے کہا کہ اسلام نفرت اور تصادم نہیں بلکہ امن عدل اور رواداری کا دین ہے میڈیا وار کا مؤثر جواب جذبات نہیں بلکہ علم کردار دلیل اور مثبت دعوت کے ذریعے دیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان اور طلباء اسلام کے حقیقی پیغام یعنی اخلاق انصاف اور انسانیت کی خدمت کو دنیا کے سامنے پیش کریں جمعیت طلباء اسلام نے عزم ظاہر کیا کہ وہ اپنے فکری اور ابلاغی پلیٹ فارمز کے ذریعے اسلام کے معتدل اور حقیقی چہرے کو اجاگر کرتی رہے گی۔

16 طبی مراکز کو پروویژنل لائسنس جاری کر دیئے گئے

طبی مراکز کو کم سے کم مدت میں معیار کے مطابق لانا ہے، بی ایچ سی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے زیر اہتمام پروویژنل لائسنس کے اجراء کی تقریب کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں صحت کے شعبے سے تعلق رکھنے والے حکام اور مختلف نجی و سرکاری اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کی ریگولیشن کے تحت کلیدی مریضوں کے تحفظ سے متعلق شعبوں (KPSA) فارم جمع ہونے کے بعد 25 طبی مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا گیا اس معائنہ کے مطابق 16 طبی مراکز معیار پر پورا اترے جن میں 2 سرکاری اور 12 پرائیویٹ ہسپتال، 1 سنگل سپیشلٹی کلینک اور 1 جنرل پریکٹیشنر کلینک کو پروویژنل لائسنس جاری کیے گئے۔ بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کا مقصد صوبے بھر میں صحت کے اداروں کو مقررہ کم سے کم مدت میں صحت کے معیارات MSDS کے مطابق لانا اور مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

کوئٹہ: سندھ کی رہائشی فاطمہ پسند کی شادی کے بعد پریس کانفرنس کر رہی ہیں

[illegible]

صوبے کی ترقی کیلئے سب کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا، پیپلز پارٹی

قبائلی عمائدین کا کردار معاشرتی استحکام میں ہمیشہ کلیدی رہا ہے، حیات اللہ

[illegible]

مارکیٹ کمیٹی ملازمین کو کم تنخواہ دینا ناانصافی ہے، حاجی منور احمد

سرکاری پالیسی کے باوجود مزدوروں کو جائز اجرت نہیں مل رہی، بیان

[illegible]

عیدالفطر کی آمد، مہنگائی کے باعث مسافروں کی گھر واپسی بھی مشکل

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتے ہی ٹرانسپورٹ کرایوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا، ملک بھر میں مہنگائی کا طوفان آ گیا

حکومت کو چاہیے تھا کہ عید کے موقع پر عوام کو ریلیف فراہم کرتی مگر یہاں صورتحال یکسر مختلف ہے، حافظ حبیب، حافظ عطاء و دیگر

[illegible] ... کی خوشیاں منانے کیلئے گھروں کو جانا بھی نہایت مشکل ہوگیا ہے۔ ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کی بدولت عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتے ہیں تمام اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا ہے۔ غریب عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہونے لگا، مشرق ... قیمتوں میں اضافے کیساتھ مہنگائی کا طوفان آگیا ہے قیمتوں میں حالیہ اضافے نے ملک بھر میں مہنگائی بے قابو ہوگئی ہے ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے۔ جیسے ہی حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا، اس کے فوری اثرات ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں نمایاں ... والے مسافروں کیلئے عید کی خوشیاں گھروں میں منانا مشکل ہوگیا ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ عیدالفطر کے موقع پر عوام کو ریلیف دیتے مگر حکومت نے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا اس طرح مہنگائی کی وجہ سے غریب عوام کا عید کی خوشیوں میں شامل ہونا بھی مشکل ہوگیا ہے۔

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 12 مارچ جمعرات 220kv کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11kv سیٹلائٹ ٹاؤن ایکسپریس، سریاب مل، شوکت، ایسٹرن بائی پاس، اولڈ پشتون آباد اور نیو پشتون آباد فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔ تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

نصراللہ بلوچ کے والد کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ کے والد مرحوم حاجی داد محمد کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔ سیاسی جماعتوں، طلبہ تنظیموں، صحافی برادری اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے چیئرمین نصراللہ بلوچ سے تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی بلوچستان وحدت کے صدر چیئرمین اسلم بلوچ، جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ، حاجی عطا محمد بنگلزئی، حاجی فیض محمد بنگلزئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما احمد نواز بنگلزئی، بی ایس کے مرکزی رہنما عاطف رودینی، صحافی رہنما عبدالخالق رند، آن لائن کے بیورو چیف مغل، بزرگ صحافی بگٹی، انجمن تاجران کے صدر رحیم کاکڑ، حاجی یاسین مینگل، ملک محمود یار شاہوانی، ملک سرفراز شاہوانی، ملک علی احمد شاہوانی، پروفیسر ملک مرتضیٰ محمد حسنی، ملک آصف شاہوانی، ملک امجد شاہوانی اور جاوید بنگلزئی سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ شرکا نے چیئرمین نصراللہ بلوچ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم حاجی داد محمد کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کی۔

مینا مجید بلوچ سے مختلف شخصیات کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کے والد کے انتقال پر مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے ان کی رہائش گاہ جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے ... [illegible]

اے کیو ایم کے چیئرمین احمد خان حاجی بہاؤالدین کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

دباؤ کے بغیر ہندو مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کیا، فاطمہ

حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے مجھے اور شوہر کو تحفظ دیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سندھ کے علاقے جیکب آباد کی رہائشی فاطمہ عرف وحیدہ نے کہا ہے کہ میں نے کسی دباؤ کے بغیر اپنی مرضی سے ہندو مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کر کے خادم حسین سے نکاح کیا ہے حکومت اور قانون کرنے والے اداروں سے اپیل کرتی ہوں کہ مجھے اور میرے شوہر کو تحفظ دیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اپنے شوہر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ فاطمہ عرف وحیدہ نے کہا کہ میں نے اپنی مرضی سے اسلام قبول کر کے خادم حسین سے نکاح کیا ہے مجھ پر کسی قسم کا کوئی دباؤ نہیں ہے میں اپنی ازدواجی زندگی میں خوش ہوں مجھے میرے ورثاء، عمران، بہادر، عمران علی اور معشوق علی سے جان کا خطرہ ہے میری حکومت سے اپیل ہے کہ مجھے اور میرے شوہر کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

پروفیسر دلاور کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، اکیڈمک اسٹاف

شہید ڈکلیئر کر کے لواحقین کو مالی معاونت فراہم کی جائے، پروفیسر ڈاکٹر کلیم و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرہ ملغانی، فنانس سیکرٹری ڈاکٹر باز محمد کاکڑ، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، ایگزیکٹو ممبران ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد بلوچ، میڈم فرحانہ عیسیٰ اور مسعود مندوخیل نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں اعلان کیا کہ خاران کیمپس کے شہید پروفیسر دلاور خان کے لواحقین کے لئے جامعہ بلوچستان کے مین کیمپس سمیت خاران، مستونگ، پشین اور قلعہ سیف اللہ کے سب کیمپسز کے ریگولر اساتذہ کی ایک دن کی تنخواہ وقف کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ شہید پروفیسر دلاور خان کی درجات بلند کریں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ اب تک شہید پروفیسر دلاور خان کے قاتلوں کو گرفتار نہیں کیا گیا اور نا صوبائی حکومت کے وزراء سمیت وزیر اعلیٰ اور گورنر جو جامعات کے چانسلر ہیں اور خصوصاً وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی جو خاران ہی سے تعلق رکھتے ہے نے اس دردناک واقعے کا نوٹس لیا ہے اور شہید کی نماز جنازہ میں شرکت تو کجا ہمدردی اور تعزیت کا بیان تک نہیں دیا اور نا شہید کے لواحقین سے مالی مدد کا اعلان کیا بیان میں کہا گیا کہ چونکہ شہید پروفیسر دلاور خان کو دوران ڈیوٹی شہید کیا گیا لہٰذا انہیں سرکاری طور پر شہید ڈکلیئر کر کے خاندان کو مالی معاونت فراہم کی جائے۔

یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن ملازمین مشکلات کا شکار ہیں، یونین

حکومتی سیورینس پیکیج کی تاحال ایک قسط بھی ادا نہیں کی جا سکی، راز محمد

کوئٹہ (یو این اے) یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن یونین سی بی اے کے سابق سینئر ممبر راز محمد دھنیار نے کہا ہے کہ یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن آف ... کے مطابق سات دن کے اندر پہلی قسط جاری ہونا تھی، مگر ایک ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود اس پر عملدرآمد نہیں کیا گیا جو واضح وعدہ خلافی ہے۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

کوئٹہ: مینا مجید کے والد کی وفات پر عبدالخالق اچکزئی، میر صادق عمرانی، سلیم کھوسہ و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ: بی آر ایس پی کے دفتر میں عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

مہنگائی کے باعث عوام کی قوت خرید جواب دے گئی، لالہ یوسف

حکمران اپنی عیاشیاں کم کرنے کی بجائے عوام پر پٹرول بم گرا رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ حکمران نے اپنی عیاشیاں کم کرنے کی بجائے عوام پر پٹرول بم گرایا ہے۔ جس سے عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے اور مہنگائی کے ہاتھوں عوام دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو چکے ہیں، حکمرانوں سیاسی جماعتوں کے قائدین اور اداروں کے سربراہوں کو اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھنا ہوگا کہ وہ خود تو بڑی بڑی مراعات لے رہے ہیں لیکن انہوں نے ملک اور عوام کو کیا دیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ وفاقی حکومت نے اپنی عیاشیاں اور اخراجات کم کرنے کی بجائے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافہ کر کے عوام پر رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں پٹرول بم گرایا ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کیساتھ ہی ہر چیز کی قیمت میں اضافہ ہوگیا ہے اور عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے اور عوام مہنگائی اور بے روزگاری کے ہاتھوں خودکشیاں کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں لیکن حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اب بھی وقت ہے کہ حکمران اور سیاستدان اپنا رویہ تبدیل کریں اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کریں اگر خدانخواستہ عوام اٹھ گئے تو حکمرانوں اور سیاستدانوں کو بچانے والا کوئی نہیں ہوگا اور عوام کا سیلاب سب کچھ بہا کر لے جائے گا۔

لسانی اکیڈمیز سے متعلق حکومتی بل مسترد کرتے ہیں، اے کیو ایم

حکومتی اقدام زبان، علم وادب اور ثقافت پر قدغن کے مترادف ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے پریس ریلیز میں حکومت کی جانب سے پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی اکیڈمیوں کو سرکاری بیوروکریسی کے ماتحت کرنے والے بل کو مسترد کرتے ہوئے اس اقدام کو زبان، علم وادب اور ثقافت پر قدغن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اکیڈمیز سے متعلق مجوزہ قانون ریجنل لینگوئج اکیڈمیز اینڈ لٹریری سوسائٹیز بل 2025 پر گہری تشویش اور تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس مجوزہ قانون کے تحت ان اکیڈمیوں کو درپیش اصولی، انتظامی اور قانونی خدشات نہایت سنجیدہ نوعیت کے ہیں، جنہیں نظرانداز کرنا نہ صرف علمی و ادبی حلقوں کے لیے نقصان دہ ہوگا بلکہ صوبے کی زبانوں اور ثقافتی ورثے کے مستقبل پر بھی منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی اکیڈمیاں دراصل سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 1860 کے تحت رجسٹرڈ خودمختار علمی و ادبی ادارے ہیں، جو گزشتہ کئی دہائیوں سے خطے کی زبانوں، ادب، تاریخ اور ثقافت کے فروغ میں نمایاں اور تاریخی کردار ادا کرتے آئے ہیں پریس ریلیز میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ اکیڈمیوں کے معاملات ادیبوں، دانشوروں اور اہل قلم کے سپرد ہی رہنے چاہئیں۔ علمی و ادبی سرگرمیاں کبھی بھی سرکاری دباؤ یا انتظامی احکامات کے تحت پروان نہیں چڑھ سکتیں بلکہ اس کے لیے آزاد فکری ماحول، علمی مکالمہ اور تخلیقی آزادی ضروری ہوتی ہے۔

قاری مہراللہ ختم قرآن کی تقریب سے خطاب کرینگے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ 23 رمضان المبارک کی شب جامع مسجد بلال قمبرانی روڈ میں ختم قرآن تقریب سے خطاب کرینگے۔

لوکل سرٹیفکیٹس کی منسوخی

استا محمد (م و) ڈپٹی کمشنر استا محمد، ڈپٹی کمشنر اورالائی اور ڈپٹی کمشنر قلات کے الگ الگ حکمنامے کے مطابق مسمی زاہد مشتاق ولد مشتاق احمد راجپوت سکنہ محلہ حسین آباد استا محمد ضلع استا محمد، مسمی اللہ داد خان ولد عمر دین سکنہ تحصیل بوری اورالائی ٹاؤن اور مسمی محمد ایوب ولد محمد صدیق قوم لانگو سکنہ گزگ منگچر ضلع قلات کے لوکل سرٹیفکیٹس انکی اپنی درخواست پر منسوخ کر دیئے گئے ہیں۔

آغا عمر بنگلزئی کا مختلف شخصیات کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سابقہ وزیر داخلہ آغا عمر بنگلزئی کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن چیف انجینئر حاجی محمد اسحاق مینگل ارباب ادریس کاسی و دیگر نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرسنل اسٹاف افسر سید امین، پروفیسر ضیاء الدین، جمال الدین، تاج الدین کے والد اور پروفیسر کمال الدین کے بڑے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی اور اظہار تعزیت کیا اور اللہ پاک سے مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر جمیل عطا کی دعا کی۔ دریں اثناء آغا عمر بنگلزئی اور نکری شفقت لانگو نے نواب محمد خان شاہوانی کے چچا کے وفات پر فاتحہ خوانی اور اظہار تعزیت کی۔

عبدالستار چشتی کا بخت محمد کاکڑ سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور فیض محمد کاکڑ کے چچا فیصل حاجی خالد کے والد حاجی جمال خان کاکڑ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

وفاقی محتسب کے احکامات پر شہری کی دادرسی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب میں شہری کی جانب سے درخواست دائر کی گئی ہے کہ ان کا کریڈٹ کی بجائے ڈیبٹ کارڈ بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نجیب اللہ نے بتایا کہ درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا۔ متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ وفاقی محتسب کے احکامات پر متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو کریڈٹ کارڈ فراہم کر دیا۔

پشین کو دو کی بجائے چار اضلاع میں تقسیم کیا جائے، بچاؤ تحریک

پشین (پ ر) پشین بچاؤ تحریک کے رہنما ملک محمد خان ترین، چیئرمین ملک لطف اللہ ترین، جنرل سیکرٹری سید بصیر آغا اور دیگر نے اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپیل کی ہے کہ وہ پشین کی تیرہ لاکھ آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے پشین میں نئے اضلاع کی تشکیل پر ازسرنو غور کریں اور پشین کو دو کی بجائے چار اضلاع پر تقسیم کرنے کے احکامات صادر فرمائیں۔ ایسا کرنے سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور حکومت کی عزت میں اضافہ اور علاقے کے عوام کے دلوں میں ان کیلئے عزت و احترام میں بھی اضافہ ہوگا اور پشین کے تمام قبائل مطمئن ہونگے اور ان کے مابین ضلعوں کی تشکیل کے حوالے سے پائے جانے والی چپقلش بھی ختم ہوگی۔

مطلوب درخواست برائے فراہمی ای سکوٹی (معذور خواتین)

معذور خواتین کیلئے ای اسکوٹی کی فراہمی

(1) تعلیم و روزگار میں معاونت کیلئے خصوصی اقدام

محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے بھر کی جسمانی طور پر معذور خواتین کیلئے الیکٹرک اسکوٹی (ای اسکوٹی کی فراہمی کا خصوصی اسکیم شروع کی جا رہی ہے) اس اسکیم کا مقصد نقل و حرکت میں دشواری کا سامنا کرنے والی خصوصی خواتین کو باعزت اور خود مختار زندگی گزارنے کے قابل بنانا ہے تاکہ وہ تعلیم، روزگار، ہنرمندی کی تربیت اور خود روزگار کے مواقع حاصل کر سکیں۔ (2) **خاص مقاصد**۔ جسمانی طور پر معذور خواتین کو نقل و حرکت کی سہولت فراہم کرنا۔ تعلیم اور فنی تربیت تک رسائی کو فروغ دینا۔ آمد پیدا کرنے والے مواقع اور روزگار کی معاونت کرنا۔ سماجی شمولیت اور خود مختار زندگی کو فروغ دینا۔ (3) **درخواست گزار کیلئے شرائط**:۔ درخواست گزار خاتون کے پاس محکمہ سماجی بہبود کی جانب سے جاری کردہ درست معذوری سرٹیفکیٹ موجود ہو۔ عمر کم از کم 18 سے 45 سال کے درمیان ہو۔ کسی بھی تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم ہو یا ملازمت، فنی تربیت یا خود روزگار سے وابستہ ہو۔ (4) **درکار ضروری کاغذات**:۔ قومی شناختی کارڈ / ب فارم کی کاپی۔ معذوری سرٹیفکیٹ۔ ڈومیسائل یا لوکل سرٹیفکیٹ۔ تعلیمی یا ملازمت کا ثبوت۔ پاسپورٹ سائز دو عدد تصاویر۔ (5) **درخواست جمع کرانے کا طریقہ کار**:۔ دلچسپی رکھنے والی امیدواران اپنے متعلقہ ضلع کے سماجی بہبود کے دفتر اور دفتری اوقات میں مقررہ درخواست فارم حاصل کر کے جمع کرا سکتی ہیں۔ (6) **درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ**:۔ اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے ایک ماہ تک درخواستیں وصول کی جائیں گی۔

ڈائریکٹر جنرل محکمہ سماجی بہبود بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 4127/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252603994803 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) Saddar CWPP&H Department Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF 24 FEET WIDE DUAL CARRIAGE WITH MEDIAN & SIDE DRAIN FROM CHASHMA BYPASS TO UPPER CHASHMA QUETTA.	248,756,759

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 174,129,571 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm "The original call deposit must be ATTACHED .If not attached, the bidder will be disqualified. "The original GREEN CHALLAN must be ATTACHED .If not attached, the bidder will be disqualified. "The bidder must HAVE three completed government assignments of a similar nature Size & complexity " bidder must provide affidavit confirming no conflict of intrest not black listing no major litigation non performance in last 5 years no failure sign of contract **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 25 March, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: C&W Department near Ayoub Stadium Quetta

Phone no: 3337392666Fax no: 0819202228
Email: xenroadssaddar@gmail.com

Executive Engineer (Roads) Saddar CWPP& H Department Quetta

PRQ No.4113/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Health Department, Government of Balochistan, through the Health Sector Reform & Management Unit (HSRMU) / Project Management Unit (PMU), invites physical bids from eligible bidders for the execution of the following work for the year 2025 based on Composite Schedule Rates (CSR) 2023 on Percentage Rates. **TSE No.: 252603994093.** Only a physical bid is required. **Note:** As per GoB rules, all bidders must be registered with the Balochistan Electronic Procurement System (EPPS) before bid submission.

Bid Security 2%

S.No.	Class of Object	E/Cost
1.	Speech Therapy & Rehabilitation Center for Autistic Children (Civil Work)	20,134,000

Procurement shall be carried out under the **Balochistan Public Procurement Rules, 2014. Eligibility Criteria;** As per NIT requirements: Presence in the Active Taxpayer List (ATL), The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan, Valid Balochistan Revenue Authority (BRA) registration, Completion of two (02) assignments of a similar nature, Minimum turnover of **PKR 14,093,800** in the last three (03) consecutive years, demonstrating financial capacity. **PEC Registration:** Category **C-6 or above (up to PKR 25 million)** in the relevant category and **Specialized Code CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). Procedure of Procurement:** Single Stage – One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** Bid must include Bid Security in the form of a Bank Guarantee or Deposit at Call equivalent to **2% of the estimated cost**, issued in the name of the undersigned by a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be downloaded from the BPPRA official website. ***Issuance of Tender Documents:*** *From the date of publication of NIT to* ***24 March 2026****, during office hours on working days.* **Last Date for Submission of Bids:** Bids may be submitted physically, at the address below, not later than **24 March 2026, 9:00 AM. Tender Opening:** All bids will be opened on the same day at **10:00 AM. Address** House No. 26-A, Chaman Housing Scheme, Airport Road, Quetta. **Phone:** 081-2864129
Email: eiftikharshah@yahoo.com

Section Officer (Admin) Health Department, Government of Balochistan

PRQ No.4121/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

دوبارہ درخواستیں مطلوب ہیں

PRQ NO. 2288/10-12-2024 ... [illegible]

آخری تاریخ 31-03-2026

[illegible]

نوٹ: باقی تمام شرائط من و عن رہیں گی۔

سیکشن آفیسر (ا) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کوئٹہ

PRQ No.4126/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252603995503 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note:In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building District Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs. 1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ALLIED FACILITIES OF CHECKING SPACE 6 LANE DISTRICT HUB	31,411,335

Procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules–2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2Assignment of similar nature of work Turnover of at least 21,987,934PKRAmount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **27 March, 2026**till **12:00 PM**through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00PMonEPPS System Address:** Behand Allied Bank Main RCD Road Tehsil Hub District Hub

Phone no: 0531921144 Email:cwpphhub@gmail.com

Executive Engineer Building CWPP&H Department District Hub

PRQ No.4124/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ناقص خوراک کی فروخت پر کوئی رعایت نہیں ہوگی، ڈی جی بی ایف اے

وزیرخوراک و چیئرمین کی ہدایت پر اسپیکشن ٹیموں کو خصوصی ٹاسک تفویض کیے جارہے ہیں، نگرانی کا سلسلہ مسلسل جاری ہے

دودھ، مشروبات، سموسہ و پکوڑا شاپس، نان شاپس، جنرل اسٹورز اور گوشت کی دکانوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، حبیب اللہ

کوئٹہ (خ ن) رمضان المبارک کے دوران عوام کو معیاری اور محفوظ اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان کے مطابق صوبائی وزیرخوراک و چیئرمین بی ایف اے کی خصوصی ہدایات پر انسپکشن ٹیموں کو خصوصی ٹاسک تفویض کیے گئے ہیں جن کے تحت ماہ صیام کے دوران مختلف غذائی مراکز کی مرحلہ وار چیکنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ رمضان کے ابتدائی اور درمیانی عشروں میں دودھ، مشروبات، سموسہ و پکوڑا شاپس، نان شاپس، جنرل اسٹورز اور گوشت کی دکانوں کی انسپکشن پر خصوصی توجہ دی گئی جبکہ آخری عشرے میں بیکریوں اور بیکنگ یونٹس کی جانچ پڑتال کی جائے گی تاکہ عیدالفطر کے موقع پر شہریوں کو معیاری اور محفوظ مٹھائیاں اور بیکری مصنوعات دستیاب ہوں۔ ڈی جی بی ایف اے کے مطابق بعض عناصر خصوصاً رمضان المبارک میں زیادہ منافع کے حصول کے لیے ناقص اور مضر صحت اشیاء فروخت کر کے عوام کی صحت کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ علاوہ ازیں دیگر بیکرز کو بیکنگ میں خراب انڈوں کے استعمال، گندی بیکنگ ٹرے کے استعمال، دیگر برانڈز کی پیکنگ استعمال کرنے، بیکنگ ایریا میں باتھ روم کی موجودگی اور غیر حفظان صحت حالات پر جرمانہ کیا گیا۔ کارروائیوں کے دوران ایکسپائرڈ اور ناقص اشیاء خورونوش کی بڑی مقدار قبضے میں لے کر تلف کر دی گئی۔

کوئٹہ: بی آئی ایس پی کے زیر اہتمام صبا نواز بگٹی، زہرہ درانی، ڈاکٹر عائشہ مستحقین میں راشن تقسیم کر رہی ہیں

چمن میں پرائمری اساتذہ کا پانچ روزہ تربیتی کورس کامیابی سے اختتام پذیر

چمن (اے این این) چمن میں بلوچستان اسٹوڈنٹ لرننگ اینڈ امپرومنٹ پروگرام (BSLP) کے تحت پرائمری اساتذہ کے لیے منعقدہ پانچ روزہ تربیتی ریفریشر کورس بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوگیا۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا اور تدریسی معیار کو جدید تقاضوں کے مطابق مضبوط بنانا تھا۔ کورس کے دوران اساتذہ محمد عارف اور محمد صادق صبا نے بھرپور محنت، اخلاص اور مہارت کے ساتھ شرکاء اساتذہ کو جدید تدریسی طریقہ کار، تعلیمی حکمت عملیوں اور موثر تدریسی مہارتوں سے آگاہ کیا

انٹرنیشنل لائسنس ہولڈرز کو تربیت فراہم کرینگے، موٹروے پولیس

امیدواروں کو عالمی معیار کے مطابق تیار کیا جائیگا، بی ٹیوٹا حکام کو یقین دہانی

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے ڈائریکٹر مصطفیٰ رئیسانی کی زیر نگرانی ٹیکنیکل بائی ویز اینڈ موٹروے پولیس (NHMP) کے افسران کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ اور ریسز ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت امیدواروں کو تربیت فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران موٹروے پولیس کے حکام نے یقین دہانی کرائی کہ بیرون ملک موٹر سائیکل رائیڈر اور دیگر گاڑیوں سے متعلق ملازمتوں کے لیے منتخب امیدواروں کو ڈرائیونگ کی باقاعدہ تربیت فراہم کی جائے گی اور انہیں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول میں بھی سہولت دی جائے گی۔ موٹروے پولیس کے مطابق تمام منتخب امیدواروں کو بیرون ملک روانگی سے قبل ضروری تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ بلوچستان کے امیدوار بین الاقوامی ڈرائیونگ معیار پر پورا اتر سکیں اور بیرون ملک اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔ اجلاس میں بی ٹیوٹا کے دیگر حکام بھی شریک تھے جن میں ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ ایچ آر) غزال ناگی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (آپریشنز) غلام رضا اور اسسٹنٹ ...

اراضی ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرنا وقت کی ضرورت ہے، اے ڈی سی کوئٹہ

ریکارڈ کو محفوظ بنانے میں مدد ملنے سمیت زمینوں سے متعلق معاملات میں شفافیت اور تیزی بھی آئے گی

روایتی کاغذی ریکارڈ کو مرحلہ وار ڈیجیٹل شکل میں منتقل کیا جارہا ہے، حافظ محمد طارق کا اجلاس سے خطاب

چمن: پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی جانیوالی ریلی کے شرکاء

ایف آئی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں پروموشن تقریب

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سیرت لیکچر علم و بصیرت کا نیا باب

سیرت نبوی کا بنیادی پیغام خدمت خلق ہے: ڈاکٹر ابوبکر صدیقی

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومتی ترجیح ہے، ولی نورزئی

ترقیاتی کام میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال ناصر سے میر عاصم کرد، ظفر زہری دیگر ملاقات کر رہے ہیں

پولیس اسٹیشن آن ویلز پر شہریوں کو فراہم کردہ خدمات کا جائزہ

دروازے ہمیشہ اپنے شہریوں کے لئے کھلے ہیں، آئی جی علی ناصر رضوی

پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے، علی بخش جمالی

ڈی سی کی زیر صدارت ای پی آئی کی کارکردگی کا اجلاس

سنجاوی، رمضان ریلیف پیکج کے تحت راشن کی تقسیم کا عمل جاری

مستحق خاندانوں اور بیواؤں کو گھروں کی دہلیز پر اشیائی فراہمی یقینی بنائی گئی

عیدالفطر کی خریداری کیلئے شہریوں کی سہولت کے پیش نظر لیاقت بازار کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے

میونسپل کارپوریشنوں اور میونسپل کمیٹیوں کے ملازمین تنخواہوں سے محروم

قلات، سبی، ہرنائی، لورالائی، ژوب، اوستہ محمد، ڈیرہ اللہ یار اور اضلاع میں ملازمین سراپا احتجاج بن گئے

ملازمین کو تنخواہوں اور پنشن ادا نہ کرنے پر محکمہ بلدیات اور محکمہ فنانس کی نااہلی قابل مذمت ہے، خان زمان

مزدوروں کے بچے فاقہ کشی سے دوچار ہیں، ملازمین کا معاشی استحصال بند کیا جائے، فیڈریشن رہنما عابد بٹ

جنگلات کے تحفظ کیلئے ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں، عمران گچکی

زیارت جونیپر کی بقا کیلئے قائم اینڈومنٹ فنڈ ایکو سسٹم کے طویل مدتی تحفظ کیلئے پائیدار مالیاتی نظام کے طور پر کام کریگا

ماحولیاتی بحالی کے پروگرامز اور کمیونٹی پر مبنی ماحولیاتی اقدامات جنگلات کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کریگا، سیکرٹری جنگلات

اسلام آباد غیر قانونی مقیم افراد کیخلاف سرچ آپریشنز

آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی

35 مشکوک افراد اور 15 موٹر سائیکلوں کی جانچ پڑتال، تھانہ جات منتقل

پینے کے پانی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، نسیم بلیدی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سیرت لیکچر سیریز کے شرکاء کا گروپ فوٹو

ماحولیاتی بحران پیش چیلنجز پر قابو پانے کیلئے شجرکاری ضروری ہے، ابراہیم بلوچ

درخت لگانا صرف صدقہ جاریہ ہی نہیں بلکہ وقت کی ضرورت ہے، درخت ہی ماحول کو تحفظ فراہم کیا جاسکتا ہے، ڈی جی ماحولیات

ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور سینئر ملازمین کو پروموشن آرڈر پیش کر رہے ہیں

اطلاع عام زمینداران پٹ فیڈر کینال و ذیلی شاخیں

تمام زمینداران / کاشتکاران متعلقہ پٹ فیڈر کینال و ذیلی شاخوں کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ گڈو بیراج کے ریگولیٹرز کی صفائی و مرمت کے مدنظر پٹ فیڈر کینال و ذیلی شاخیں 01-04-2026 تا 30-04-2026 بند ہوگی لہٰذا ضرورت کے مطابق 31 مارچ 2026 سے قبل از کاشت و دیگر ضروریات آب نوشی کے لیے پانی کا ذخیرہ کر لیں تاکہ بعد میں کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ ہو۔

مہتمم انہار پٹ فیڈر کینال ڈویژن بمقام ڈیرہ مراد جمالی

PRQ No 4130/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جگہ کرایہ پر درکار ہے

دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر اوزان و پیمائش لورالائی ڈویژن لورالائی کیلئے شہر کے وسط میں تقریباً (5000) پانچ ہزار مربع فٹ احاطہ پر مشتمل مکان جس میں 06 کمرے مسلک غسل خانہ زیر زمین ٹینکی علیحدہ واش روم اور چار عدد گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ موجود ہو کرایہ پر درکار ہے خواہشمند مکان مالکان اس اشتہار کی اخبار میں اشاعت سے پندرہ (15) دن کے اندر اندر درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔ 03337954554

03491873712

ڈپٹی ڈائریکٹر اوزان و پیمائش لورالائی ڈویژن لورالائی

PRQ No 4131/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TIME EXTENSION NOTICE

EXPRESSION OF INTEREST

Subject:- VEHICLE INSPECTION & CERTIFICATION SYSTEM (VICS)

USING PRIVATE WORKSHOPS AND FACILITIES With reference PRQ No. 3806/17-02-2026 published in the daily newspaper on 18 th February, 2026, the TRANSPORT DEPARTMENT the Transport Department is extending the tender notice of the Vehicle Inspection & Certification system (VICS) using private workshops and facilities from 10 March, 2026 to10 th April 2026 till 10:30 All other terms and conditions remain same.

PRQ No.4125/11-03-2026

UNDER SECRETARY (Dev:)
Transport Department

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹینڈر نوٹس

برائے لوکل پرچیز آف ہاسپٹل ڈائٹس کوارٹرینڈنگ جون 2026

ا۔ دفتر ہذا کو ہاسپٹل ڈائٹس (QE Jun 2026) کے لئے ڈی سنٹرل پروکیورمنٹ کوئٹہ لاگ ایریا کی حدود کیلئے کوٹیشنز مورخہ 17 مارچ کو دن 1100 بجے بورڈ آف آفیسر کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

شرائط۔

ا۔ کوٹیشن موصول ہونے کی آخری تاریخ 17 مارچ 2026 ہے۔

ب۔ کوٹیشن کھلنے کا وقت 17 مارچ 2026 دن 1100 بجے ہے۔ جو کہ بورڈ آف آفیسر کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

پ۔ درج کردہ ریٹس فگرز اور الفاظ میں اور بشمول تمام ٹیکس اور ٹرانسپورٹ چارجز کے ہونے چاہیں۔

ج۔ درج کردہ کوٹیشن کے ساتھ 5% بنک چیک بطور ارنسٹ منی بصورت سی ڈی آر، بینک ڈرافٹ بنام ہیڈ کوارٹر کوئٹہ لاگ ایریا لگانا ضروری ہے۔

د۔ درج کردہ ریٹس کی معیاد 16 جون 2026 ہونی چاہیے۔

ح۔ سیلڈ کوٹیشن کیساتھ ٹیکس کا لانا ضروری ہے۔

۲۔ مزید معلومات کے لئے خواہشمند فرم مندرجہ ذیل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ ہیڈ کوارٹر کوئٹہ لاگ ایریا۔ کوئٹہ کینٹ

فون نمبر: 081-2882156

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department District Naseerabad invites sealed bids from eligible bidders on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below. **Earnest Money 2% in shape of call deposit , Tender Fee Rs.1000/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) and Time Limit** 30th June 2026

S.No.	Name of Work	E/Cost	E/Money
1	Installation of 5x Night vision cameras in Dera Murad Jamali **TSE-252603994823**	19.805-M	4,00,000/-

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILTIY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-6** with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility along with qualifying criteria as mentioned in the bidding documents available on BPPRA website (it's mandatory). METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of **Rs.1000/- (NON REFUNDABLE)** deposited in the head of account **C02716** thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e **27/03/2026** until **12.00 hrs**. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. DEAD LINE OF SUBMISSION**: The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before **27/03/2026** at **12.00** hrs. **OPENING OF BID (S)**: Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. **27/03/2026** at **13.00** hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives with authority letter on non-judicial stamp paper of **Rs.100/-** duly attested by the notary public) who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened. **BID VALIDITY: Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Buildings) CW,PP&H Department District Naseerabad at Dera Murad Jamali Telephone No. **0838-710615**, Email address:Kakarrehman222@gmail.com.

TERMS & CONDITIONS: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(BUILDINGS) CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT NASEERABAD AT D.M. JAMALI

PRQ No.4107/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے سویلین بھرتی

کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ کینٹ میں درج ذیل اسامیوں کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	اسامی	گریڈ	تعداد	عمر کی حد	کوٹہ	تعلیمی قابلیت / تجربہ یا مساوی تعلیم
1	سول ڈرائیور	4	3	18-33	بلوچستان	پرائمری پاس / کارآمد ڈرائیونگ لائسنس اور ٹریفک قوانین سے آگاہی
2	کک	1	7	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس
3	لیبر	1	4	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس (ایک ویکنسی برائے معذور افراد)
4	نائب قاصد	1	1	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس
5	چوکیدار	1	1	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس
6	لیڈی آیا	1	1	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس
7	ویٹر	1	1	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس
8	سینیٹری ورکر Sanitary Worker	1	6	ایضاً	بلوچستان	پرائمری پاس

شرائط

(1) کوئی ٹی اے ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔
(2) ابتدائی ٹیسٹ کے بعد سلیکٹ اور ریزرو امیدوار اپنا میڈیکل اور سیکاٹری ٹیسٹ کروائے گا جس کے اخراجات ابتدائی مراحل میں امیدوار خود برداشت کرے گا۔
(3) صرف موزوں اور اہل امیدواروں کو ٹیسٹ / انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔
(4) تمام امیدوار اپنی درخواستیں بمعہ تعلیمی سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول اور 3 عدد پاسپورٹ سائز حالیہ فوٹو گراف کے ساتھ کمانڈ اینڈ سٹاف کالج، سول اسٹیبلشمنٹ برانچ کوئٹہ کو ارسال کریں اور اپنا موبائل نمبر درخواست میں درج کریں۔
(5) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔
(6) درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 27 مارچ 2026 ہے۔
(7) فوجی یا کسی بھی سرکاری ادارے سے ریٹائرڈ اور پنشن کے حامل افراد مندرجہ بالا اسامیوں کے لئے اہل نہیں ہیں۔
(8) معذور افراد کے لئے عمر کی بالائی حد میں 10 سال کی رعایت ہے۔

اسسٹنٹ ایڈجوٹنٹ جنرل
کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ کینٹ

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 12 مارچ 2026ء

عالمی سیاسی منظر نامہ۔ کشیدگی کے خاتمے کا خواب تعبیر کا منتظر

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگی صورتحال بدستور پوری دنیا کے لئے لمحہ فکریہ بنی ہوئی ہے اور کشیدگی کے خاتمے کا خواب تعبیر کا منتظر ہے۔ تازہ میڈیا رپورٹس یہ ہیں کہ نہ صرف حملوں اور جوابی حملوں کا سلسلہ جاری ہے بلکہ تجارتی جہازوں پر بھی حملوں کے واقعات رونما ہوئے ہیں تنازع کے آغاز سے اب تک متعدد تجارتی جہاز نشانہ بن چکے ہیں۔ حالیہ تنازع شروع ہونے کے بعد سے اب تک کم از کم 13 تجارتی جہازوں پر حملے کیے جا چکے ہیں۔ مشرق وسطیٰ کا علاقہ ایک طویل عرصے سے عالمی سیاست کا مرکز رہا ہے، لیکن حالیہ دنوں میں یہاں کی صورتحال نے دنیا بھر کے ممالک کو نہ صرف تشویش میں مبتلا کیا ہے، بلکہ عالمی سطح پر امن کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا ہے۔ کشیدگی کی یہ لہر، جو ابتدا میں محدود تھی، اب عالمی جہاز رانی کے اہم راستوں تک پہنچ چکی ہے۔ حالیہ واقعات کی بناء پر مشرق وسطیٰ کے سمندری راستوں، جیسے خلیج عمان، آبنائے ہرمز اور خلیج عرب میں حملوں میں واضح اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ اس بڑھتی ہوئی کشیدگی نے نہ صرف عالمی تجارتی جہازوں کو نشانہ بنایا، بلکہ تیل کی عالمی ترسیل پر بھی سنگین اثرات مرتب کئے ہیں۔ ان حملوں کے نتیجے میں عالمی سطح پر تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹ آئی ہے، اور تیل کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری ان حملوں اور کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر کئی ردعمل سامنے آئے ہیں۔ یورپی ممالک میں اسپین نے اسرائیل کے ساتھ اپنے تعلقات میں واضح تناؤ پیدا کیا ہے اور اپنے سفیر کو بھی واپس بلا لیا ہے یہ فیصلہ اس بات کا غماز ہے کہ عالمی سطح پر اس جنگ کو لے کر مسلسل تشویش پائی جاتی ہے۔ اسپین کی حکومت نے اس جنگ کی حمایت نہ کرنے کا واضح پیغام دیا ہے اور اسرائیل کی فوجی کارروائیوں کی مذمت کی ہے۔ اس کے علاوہ، مشرق وسطیٰ میں ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی دشمنی نے علاقے کی صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، اور ایران نے آبنائے ہرمز میں امریکی اور اسرائیلی مفادات کو نشانہ بناتے ہوئے عالمی سطح پر تیل کی سپلائی کو متاثر کیا ہے۔ مشرق وسطیٰ کی اس بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے اثرات کو عالمی سطح پر تشویش کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے۔ عالمی تجارتی راستوں کی اہمیت اور ان پر ہونے والے حملے، نہ صرف عالمی امن کے لئے خطرہ ہیں بلکہ عالمی معیشت پر بھی سنگین اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ ایسے میں عالمی برادری کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اس بڑھتی ہوئی کشیدگی کو روکنے کے لئے فوری طور پر اقدامات کرے، اور امن کے قیام کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں۔ پاکستان کے لئے بھی مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی ایک سنگین چیلنج بن کر سامنے آئی ہے۔ عالمی سطح پر اقتصادی اثرات کے پیش نظر، پاکستان کی معیشت بھی ان اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔ پاکستان کی حکومت نے اس نازک صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک کی قومی قیادت کی طرف سے فہم و فراست کا مظاہرہ کیا ہے۔ پاکستان نے اس عالمی بحران کے دوران ایک قومی کفایت شعاری پالیسی متعارف کرائی ہے جس میں مختلف اقدامات شامل ہیں تاکہ ممکنہ معاشی اثرات سے نمٹنے کے لئے تیار رہا جا سکے۔ اس پالیسی کے تحت ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ اس عالمی کشیدگی کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔ حکومت کی جانب سے یہ اقدامات قابل تحسین ہیں کیونکہ اس نے نہ صرف ملکی معیشت کی حفاظت کے لئے کام کیا ہے، بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی اہمیت اور ذمہ داریوں کو بھی بخوبی سمجھا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ عالمی امن اور استحکام کے قیام کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو اہمیت دی ہے، اور اس بار بھی پاکستان کی قیادت نے اسی اصول کو اپنایا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے عالمی اثرات پر غور کرتے ہوئے، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ عالمی امن کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ محسوس ہو رہی ہے۔ دنیا کو جنگوں اور تنازعات کے بجائے امن کی طرف گامزن ہونے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے لئے بھی یہ وقت حساس ہے اور قومی قیادت کی جانب سے اس موقع پر فہم و فراست کا مظاہرہ کرنا ایک مثبت قدم ہے جو دیگر ممالک کے لئے بھی ایک پیغام ہے۔ مشرق وسطیٰ کے تنازعات کا پاکستان پر براہ راست اثر پڑتا ہے کیونکہ ہمارے معاشی مفادات بھی اس علاقے سے جڑے ہیں۔ پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع اور عالمی سطح پر اس کی اہمیت اس بات کی متقاضی ہے کہ پاکستان ان عالمی تبدیلیوں پر نظر رکھے اور اپنی پالیسیوں کو اس کے مطابق ڈھالے۔ قومی کفایت شعاری پالیسی کا آغاز پاکستان کے لئے ایک اچھا قدم ہے تاکہ آنے والے معاشی بحران سے بچا جا سکے۔ اس کے علاوہ، پاکستان نے ہمیشہ عالمی سطح پر اپنے مثبت کردار کو ادا کیا ہے، اور اس بار بھی عالمی برادری کے ساتھ تعاون کے لئے تیار ہے تاکہ اس عالمی بحران کو بہتر طریقے سے نمٹایا جا سکے۔ قومی قیادت کی جانب سے جو اقدامات اٹھائے گئے ہیں، ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان نے اس صورتحال کو پوری سنجیدگی سے لیا ہے اور ملک کی معیشت کو مستحکم رکھنے کے لئے وقت کی ضرورت کو سمجھا ہے۔ عالمی سطح پر امن کے قیام کے لئے عالمی برادری کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ مشرق وسطیٰ کی کشیدگی میں کمی لانا اور اس کے عالمی اثرات کو کم کرنا عالمی سیاست کا ایک سنگین چیلنج ہے۔ دنیا آج ایک ایسے دور سے گزر رہی ہے جہاں عالمی سیاسی منظر نامہ مسلسل تبدیلیوں اور کشیدگیوں کا شکار ہے۔ جہاں جہاں عالمی طاقتیں اپنے مفادات کے لئے آپس میں الجھتی ہیں، وہاں انسانیت امن اور استحکام کی جستجو میں ہے۔ جنگوں، تنازعات اور سیاسی محاذ آرائیوں نے عالمی سطح پر نہ صرف معیشتوں کو نقصان پہنچایا ہے، بلکہ انسانی حقوق کی پامالی اور کروڑوں افراد کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالا ہے۔ خاص طور پر مشرق وسطیٰ کا بحران، ایک ایسا دردناک منظر پیش کرتا ہے جس کا کوئی واضح حل نظر نہیں آ رہا۔ امن کے قیام کے لئے جو بنیادی ضرورت ہے، وہ ہے عالمی سطح پر ایک مضبوط اور مشترکہ عزم، جس میں سیاسی قائدین اپنے قومی مفادات کو ترجیح دینے کے بجائے انسانیت کی فلاح کو اہمیت دیں۔ لیکن اس خواب کی تعبیر کے لئے نہ صرف سیاسی عزم بلکہ عوامی حمایت، معیشت کا استحکام، اور بین الاقوامی اداروں کی موثر کردار کی ضرورت ہے۔ عالمی کشیدگیوں کا خاتمہ ایک بلند آرزو ہے، مگر یہ ممکن تبھی ہوگا جب عالمی برادری جنگ کے بجائے بات چیت اور مذاکرات کو ترجیح دے۔ عالمی امن کی تلاش کا یہ خواب تبھی حقیقت بنے گا جب طاقت کے بجائے فہم و فراست کا دامن تھاما جائے اور سب کے مشترکہ مفاد کو مقدم رکھا جائے۔

ٹرمپ ایران جنگ کو ویڈیو گیم کی طرح کھیل رہے ہیں

ٹرننگ پوائنٹ — مارک آلمنڈ

پٹرولیم نرخوں اور معاشی معاملات کی الجھنوں میں پھنسی ہماری حکومت



برملا — نصرت جاوید

مشرق وسطیٰ تنازع: فوجی نقصانات، معاشی اثرات

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

ہمارے گھوڑے کہاں کھو گئے؟

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

حکومت کو چاہیے کہ وہ آرام کرے

اظہار خیال — خالد مسعود خان

بدلتی دنیا کے بدلتے حالات

روزن خیال — مریم گیلانی

2026 میں افغانستان اور پاکستان کے درمیان جنگ کے ساتھ ہی مشرق وسطیٰ میں بڑی جنگ چھڑ جائے گی اس کا تو اندازہ ہی نہ تھا لیکن امریکہ کے ...

خطے میں استحکام کیلئے جینگ کا روڈ میپ

وفاق نامہ — رشید صافی

عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے، ڈی سی صحبت پور

طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، فریدہ ترین

عوامی خدمت میں کوتاہی برتنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، ہسپتال کے دورہ کے موقع پر خطاب

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال صحبت پور کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی، لیبارٹری، فارمیسی اور دیگر وارڈز کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور عملے کی کارکردگی کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے زیر علاج مریضوں اور ان کے تیمارداروں سے ملاقات کی اور ان سے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور عملے کے رویے کے حوالے سے دریافت کیا۔ مریضوں اور ان کے لواحقین نے اپنے مسائل اور تجاویز بھی پیش کیں جنہیں ڈپٹی کمشنر نے بغور سنا […] سکے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ہسپتال میں ادویات کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی حاضری اور ذمہ داریوں کا مکمل خیال رکھیں اور مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس مقصد کے لیے ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، عملے کی کارکردگی اور مریضوں کو دی جانے والی خدمات کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور عوامی خدمت میں کوتاہی برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

گوادر، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لورالائی، کمشنر […] ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

ضلع نصیرآباد میں گراں فروشی کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

سبزی، فروٹ، گوشت سمیت دیگر اشیاء، خوردونوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ

سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والے کئی دکانداروں پر جرمانے عائد

بصورت دیگر ان کے خلاف مزید سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر […] بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے تاجر برادری اور ریڑھی بانوں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ماہ صیام کے مقدس مہینے میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے […]

گردوں کی صحت سے متعلق آگاہی کا عالمی دن

بلوچستان میں بڑھتی چیلنجز، حل اور ڈائیلاسز سینٹرز کی اقدامات

تحریر: ڈاکٹر شوکت علی بلوچ

[…]

جامعہ تربت کا بلیدہ سے یونیورسٹی تک بس سروس شروع کرنے کا فیصلہ

بلیدہ سے تربت یونیورسٹی کیمپس تک باقاعدہ بس سروس شروع کی جائے گی

[…]

ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت پر سمجھوتہ قبول نہیں، ڈی سی جعفرآباد

حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، خالد خان

تمام متعلقہ محکمے احسن انداز میں ترقیاتی منصوبوں کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں، خطاب

[…]

جعفرآباد، ایس ایس پی […] ملاقات کر رہے ہیں

پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے پریس کلب سے ریلی نکالی گئی

[…] نعرے بازی کی اور ملک کی سلامتی، استحکام اور دفاع میں پاک فوج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا عبدالغنی شیرانی ملنگ گل زمان ناصر اور دیگر مقررین نے کہا کہ پاک فوج نے ہر مشکل وقت میں ملک اور قوم کے تحفظ کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں جنہیں پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

خضدار، ماہ رمضان میں قومی شاہراہ پر شراب کی فروخت سرعام جاری

اقلیتوں کے نام پر شراب کا لائسنس مسلمان نوجوانوں کو فروخت کرنا ظلم ہے

شراب اور منشیات کی اجازت دینے والے نوجوان نسل کی تباہی کے اصل ذمہ دار ہیں

[…] کے نوجوان نسل کی تباہی کے اصل ذمہ دار ہیں ایک طرف غیر مسلموں کے نام پر مسلمان نوجوانوں کو شراب بیچا جا رہا ہے اور اپنے لئے پیسہ کما رہی ہیں دوسری جانب نوجوانوں کو منشیات چرس ہیروئن […] کمشنر خضدار، ایس ایس پی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار قومی شاہراہ سے شراب کی گشت خانہ سمیت پورے شہر کے منشیات فروشوں کے اڈوں کا قلع قمع کر کے نوجوان نسل کو تباہی سے بچائیں۔

ایس ایس پی بائی وے سے ٹرانسپورٹروں کے وفد کی ملاقات

ملاقات میں ٹریفک قوانین اور مسافروں کی حفاظت سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا

[…] ہے۔ اس موقع پر بلوچستان بس و منی بس فیڈریشن کے ڈویژنل صدر آغا محمد اکبر ہنگلوئی نے ایس ایس پی بائی وے کو یقین دہانی کرائی کہ ویگن ڈرائیورز اور دیگر ٹرانسپورٹرز حکومتی احکامات اور ٹریفک قوانین پر مکمل عمل کریں گے اور مسافروں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیں گے۔

[…] پی بی وے نے ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی کہ وہ حکومتی احکامات اور ٹریفک قوانین پر مکمل اور سختی کے ساتھ عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ لاپرواہی اور کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، کیونکہ مسافروں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں […]

کمشنر لورالائی کی ہدایت پر صفائی و ستھرائی کی مہم تیز کر دی گئی ہے

مختلف محلوں اور بازاروں میں صفائی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے

[…] تھا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے اور صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ شہر کو صاف رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں اور کچرا مقررہ مقامات پر ہی ڈالیں۔

ڈیرہ مراد جمالی، اسسٹنٹ رجسٹرار بورڈ آف ریونیو کامران خان مشرق سے بات چیت کر رہے ہیں



ڈیرہ مراد جمالی، ایکسین ایریگیشن پٹ فیڈر کینال مشرق سے بات چیت کر رہے ہیں

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

[…]

اطلاع عام

[…] R.No.........62878

اطلاع عام

[…] 03153903711

گمشدگی شناختی کارڈ

5420321344685 […]

گمشدگی شناختی کارڈ

5420342236970 […] 03013530619

گمشدگی شناختی کارڈ

5420303730087 […] 03258489533

گمشدگی پاسپورٹ

BF6794351 […] 03002218351

کلی مینگل آباد کوئٹہ کنڈی میں خسرہ پھیلنے کی خبر، محکمہ صحت کا فوری […]

[…]

TENDER NOTICE

The Senior Assistant Director Local Government Rural Development Sibi Invites sealed percentage rate tender based on composite schedule of rates 2023 Government of Baluchistan from interested contractor / firms for the work mentioned below:

Bid Security 2% and Time limit 30-06-2026

PSDP Programe 2025-26 (Z2025.2751)

S.No	Name of Work	E/Cost
1	PROVN / CONSTRUCTION OF SOLAR TUBE WELL, BOUNDARY WALL, TUFF TILES AND STREET LIGHTS ARBAB HOUSE, CHAKAR KHAN ROAD, SIBI TSE-252603994103	25.00 (M)

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority Rules 2014. (amendment up to date) **Eligibility**: The contractor must have valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category accordingly and discipline, bidder must have completed three assignments of similar nature of work in last three years, Audit report of 3 years and registration with tax authorities i.e. (NTN & Sales Tax department) where applicable. **Method of Procurement:** Single stage, two envelop. **Bidding / Tender Documents:** Issuance: Tender form / document have issued to original contractor or authorized person from the date of advertisement published in News paper till submission date and time on production of amounting Rs.1000/- (Non Refundable) as bidding documents charges deposit in shape of Green Challan in the account of Govt Head (**4172768757**) in National Bank of Pakistan. Bid security / earnest money, valid Engineering council certificate (Original) in required category, income tax certificate (NTN) etc. **Submission:** Last date for submission of document is **26-03-2026 at 10:00 PM. Opening:** The tender will be opened on **26-03-2026 at 11:00 PM.** Place of issuance, submission, inquiries and opening will be: **Address: Office of the Senior Assistant Director Local Government Sibi.**
Telephone No: 03338825550 Terms & Conditions: Under following conditions bid will be rejected: - Conditional and telegraphic bids/tender. Bid not accompanied by bid security of required amount and form. Bid received after specified date and time. Black listed firms / contractors. Other term & conditions may be obtained from the Office of undersigned. Bid Validity Period (90) Days. Note: It may be noted that no pay order will be accepted / entertained and firm's complete title/name should be written on the call deposit. (Pay order and Bank Draft will not be acceptable).

Senior Assistant Director
Local Government Sibi

PRQ No.4108/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to the Tender Notice for the scheme **"Construction of Parking Shade for Heavy Machinery, MC Ziarat"** bearing **TSE No. TSE-252602986903**, published in daily newspapers vide **AB No.915/26-02-2026** it is notified for general information that **eligibility criteria has been revised** and the **last date for submission of bids has been extended up to 18-03-2026**.

Chief Officer
Municipal Committee
Ziarat

AB No.962/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Assistant Director LG&RD Panjgur invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, from interested contractors/firms for the Work listed below under PSDP (2025-26). Tender fee Rs. 1000/-

S.No.	Name of the scheme	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF CAUSEWAY AT PISCOL KOUR MUHALLAH AKBER ABAD KHUDABADAN, PANJGUR TSE-252603994633	80,000,000

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory authority rules 2014. **ELIGIBILITY:** **(i)**The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category **(ii)** registration with tax authorities i.e. (NTN and Sales Tax BRA Department). **(iii)** The bidder must have completed 3 assignment of similar nature of work. **(iv)** Turnover of at least 56,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Method of procurement:** Single stage – One envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission of presentation of requisite documents i.e. Tender fee, (Non-refundable), 2% bid security / earnest money, in shape of call deposit valid PEC registration certificate. **Submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 27th March, 2026 till 09:30 AM through supplier dashboard. **Opening:** Tender will be opened on same day at 10:30 AM on EPPS System. and bid validity 90 Days. **Time Limit:** 12 Months
Address: Assistant Director Local Govt. Panjgur
Phone No 0855611018 E-Mail:adlgpanjgur335@gmail.com
Terms and conditions: Other terms and conditions are attached with tender documents.

ASSISTANT DIRECTOR
LOCAL GOVERNMENT & RD
PANJGUR

PRQ No.4109/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CANCELLATION OF REQUEST FOR PROPOSAL

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No.3564/02-02-2026 the undersigned would like to inform that the bids received against the tender for "Consultancy Services for Detailed Design and Construction Supervision for Raising of Akra Kaur Dam, District Gwadar" (TSE-252601962774) were found to be on the higher side. One bid is 685% above and the other is 210% above the approved cost. In view of the above, the competent authority (Chairman Procurement Committee) has decided to Cancel the tender.

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
GWADAR

PRQ No.4112/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سول جج صاحب IV کوئٹہ

نقیب اللہ ولد حاجی صالح محمد سکنہ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ بنام نادرا وغیرہ

(دیوانی)

اشتہار بنام: احمد شاہ ولد نامعلوم سکنہ نامعلوم

واضح ہو کہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے آئندہ تاریخ پیشی 26/3/2026 کیلئے مقرر ہو چکی ہے مقدمہ ہذا میں متعدد بار تم کو نوٹس بھیجے گئے ہے مقدمہ ہذا میں تم نوٹس لینے سے دیدہ و دانستہ طور پر گریز اں ہو لہذا بذریعہ اشتہار تم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ کرے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

محسن استاف

AMENDMENT/ CORRIGENDUM

It is hereby informed to all concerned that Tender Notices TSE-252603992313 and 992323, published under PRQ No. 4049 in the daily newspapers, have been amended, and the complete details of the BOQs are being re-uploaded.

All other condition will be remain of the same.

Assistant Director Local
Government & Rural Development
Department Kachhi

PRQ No.4111/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت تحصیلدار صدر اسسٹنٹ درجہ اول کلیکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہر گاہ کہ قدرت اللہ ولد غلام محمد قوم کاکڑ سکنہ نواں کلی کوئٹہ نے درخواست پیش کیا گیا اظہار کیا کہ میرا والد غلام محمد ولد اختر محمد قوم کاکڑ سکنہ نواں کلی کوئٹہ وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان 1۔ قدرت اللہ 2۔ اللہ محمد پسران غلام محمد قوم کاکڑ ساکنان نواں کلی کوئٹہ جائیداد بموجب انتقال نمبر 3497 بحال ویالہ کوتوال موضع کوتوال تحصیل صدر کوئٹہ ہیں لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر 7 ایام زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از اں میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 11/3/2026 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا

62877

EXTENSION IN DATE OF TENDER SUBMISSION

Reference to PRQ No. 3881/20.02.2026 published in various newspapers dated 21.02.2026 under TSE # 252602978673, TSE # 252602978713 and TSE # 252602978763. The last date of bid submission may be read as 16 th March, 2026 at 10:30 A.M. The bids will be opened electronically on the same day at 11:30 A.M.
All other terms and conditions shall remain same.

Director General
Energy Department
Government of Balochistan
Quetta.

PRQ No.4110/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (1) کوئٹہ

مثل نمبر 11/2026 درخواست گارڈین

1۔ فردوس بتول زوجہ مظفر علی 2۔ میر حازم ہیرو دختر مظفر علی (نابالغ) ساکنان علمدار روڈ کوئٹہ بنام 1۔ مظفر علی ولد موسیٰ سکنہ آسٹریلیا 2۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 25/3/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 11/03/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62879

NOTICE INVITING TENDER

The **Deputy Director, Agriculture (On Farm Water Management) Kohlu,** invites E-sealed Tender/Bid for execution of various development schemes under the following project of **PSDP 2025-26 under CSR-2018** from interested contractors/firm with the Bid Security **@ 2%** of estimated cost/offered rate in shape of Call Deposit (Refundable). **TSE No. 252603995443** **Bid Security 2%**

S#	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF FARM PONDS, DEVELOPMENT OF DUG WELLS, INSTALLATION OF SOLAR PUMPING SYSTEM ON FARM PONDS & DUG WELLS PROVISION OF FRUIT PLANTS, OILSEEDS / PULSES & FODDER WITH LAND PREPERATION IN DISTRICT KOHLU [Z2019.1958]. **(E-Bids Only)**	39.071 M

Procurements shall be made under BPP Rules 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn-over of at least 27,349,700 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE04(iii) (dams only), CE09(ii) (Water Supply), CE10(i) (General Civil Engineering Works), EE11(ii) (Solar Energy). Income Tax Registration certificate is required The bidding firm must submit Income Tax Return of Taxation Year 2025 The Bidding Firm must submit Audit Report / Audit Balance Sheet of FY 2022-23, 2023-24 & 2024-25. The bidding Firm must submit Company's latest Bank Account Statement or Bank Credit Line Certificate that Must be project specific and address to the client. **Method of Procurement:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of **Call Deposit** or **Bank Guarantee (Bank's certificate is mandatory)** in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be downloaded from BPPRA website. **Bid Validity Period:** 90 days **Issuance of tender Documents:** From the date of publication, during office hours of any working day. **Last Date of bid submission:** The Tenders should be submitted on **26 March, 2026** till **12:00 PM Sharp** at the office of the undersigned. **Tender opening:** The Technical Proposals will be opened on same day through electronically bid on same day at **01:00 PM**. **Stamp Duty**: The successful bidder must submit the Stamp Duty in shape of Judicial Stamp Paper or Special Adhesive Stamps as per policy.
Address: Office the Deputy Director Agriculture On Farm Water Management, Kohlu.
Contact No. 3337927065

Deputy Director
Agriculture On Farm Water Management
Kohlu

PRQ No.4119/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

حتمی نوٹس برائے سماعت

تمام متعلقہ ملازمین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے خلاف جاری شوکاز نوٹس کے سلسلے میں محکمانہ ڈسپلنری سماعت میں لازمی حاضر ہوں۔ (1) **تاریخ**:۔ 13 مارچ 2026ء (2) **وقت**:۔ صبح 12:00 بجے (3) **مقام**:۔ کمرہ نمبر 9 بلاک 14 بلوچستان سیکرٹریٹ کوئٹہ مندرجہ ذیل تمام ملازمین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مقررہ تاریخ، وقت اور مقام پر حاضر ہو کر اپنی وضاحت اور صفائی پیش کریں عدم حاضری کی صورت میں یہ سمجھا جائے گا کہ آپ کے پاس کوئی وضاحت نہیں ہے اور محکمہ یکطرفہ فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ملازمین پر عائد ہوگی۔ **نوٹ**:۔ یہ سماعت نہایت اہم ہے لہذا اس پر سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ عمل کیا جائے (ملازمین کی فہرست ہمراہ منسلک ہے)

S.no	Name	F/Name	Designation	Place Of Posting
1	Raz Muhammad	Din Muhammad	Naib Qasid (BP -01)	Directorate
2	Sana Ullah	Molvi Obaid Ullah	Naib Qasid (BP -01)	Directorate
3	Ahab John	Arsahd MasiH	Naib Qasid (BP -01)	Directorate
4	Hameed Ullah	Asmat Ullah	Chowkidar (BP -01)	Directorate
5	Nazar Muhammad	Gul Muhammad	Chowkidar (BP -01)	Directorate
6	Yasmin	Aslam Masih	Sweeper (BP-01)	Directorate
7	Atta ullah	Khuda Baksh	Sweeper (BP-01)	Directorate
8	Naveed Ahmed	Abdul Razzaq	Chowkidar (BP -01)	Directorate
9	Jamil Ahmed	Shafi Muhammad	Chowkidar (BP -01)	Directorate
10	Aneet Kumar	Lok Chand	Guide B-05	Hinglaj Mata Mandir
11	Shehzad Khan	Jan Muhammad	Junior Clerk B-11	Directorate
12	Muhammad Abbas	Abdul Jalil	Daftari B-02	Directorate
13	Rojar Laurence	Laurence Masih	Chowkidar (BP -01)	Directorate
14	Ashiq Masih	Boota Masih	Chowkidar (BP -01)	Directorate
15	Arslan Khokhar	Amant	Chowkidar (BP -01)	Directorate

ڈائریکٹر محکمہ اقلیتی امور بلوچستان کوئٹہ

PRQ No4128/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

شہید حاجی عطاء اللہ محمد زئی کی حیات وخدمات

تحریر: منیر احمد زہری

نو مارچ جھالاوان کے عظیم فرزند شہید عطاء اللہ محمد زئی کا یوم شہادت ہے نو مارچ وہ دن ہے جب خضدار کے اس مسیحا کو نامعلوم افراد نے دن دیہاڑے بھرے بازار میں فائرنگ کر کے شہید کیا حاجی عطاء اللہ محمد زئی کی شہادت نے خضدار کے لوگوں کو بہت متاثر کیا لیکن ان کی یادیں اور ان کا کام آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں حاجی عطاء اللہ محمد زئی ایک ایسے شخص تھے جنہوں نے اپنی زندگی غریبوں کی خدمت علاقائی قبائلی اور سیاسی معاملات کے تصفیہ میٹرکوں اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لئے وقف کر رکھی تھی ان کی زندگی ایک روشن مثال تھی انہوں نے اپنی محنت ہمت اور ایمانداری سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی حاجی عطاء اللہ محمد زئی نے ہمیشہ غریبوں کی مدد قبائلی مسائل کو حل کرنے کے لیے کام کیا اور یہاں کیا تاجروں کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی ان کی سیاست خضدار کے ترقی اور لوگوں کی آسودگی کیلئے تھی وہ ایک ایسے لیڈر تھے جنہوں نے اپنی زندگی عوام کی خدمت میں وقف کردی تھی ان کی شہادت ایک عظیم صدمہ ہے۔ حاجی عطاء اللہ محمد زئی کی زندگی میں مرحوم الفتح ٹرسٹ کا بہت بڑا کردار تھا جس کے ذریعے وہ غریب لوگوں کی مالی معاونت کرتے تھے ان کا یہ عمل لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت اور احترام کو بڑھاتا تھا ان کا خون عطیہ کرنا بھی ایک اہم عمل تھا جس سے وہ لوگوں کی زندگیوں میں نئی زندگی لاتے شہید بچپن سے ہی ذہین اور خدمت خلق کے جذبے سے سرشار تھے انہوں نے اپنے والد مرحوم حاجی عبدالغنی محمد زئی کے ساتھ مل کر لوگوں کی خدمت کی ان کی خیر خواہی اور خدمت خلق کے جذبے نے انہیں ایک ایسا مقام دیا جسے صدیوں میں لوگ بھول نہیں پائیں گے انکی شہادت کو کم وبیش 13 سال گزر گئے ہیں لیکن خضدار کے عوام آج بھی انہیں یاد کر رہے ہوئے ہیں اور ان کی کمی کو آج بھی لوگ محسوس کر رہے ہیں ان کی زندگی ایک مثال ہے ان کا جزبہ حب الوطنی اور خدمت انسانیت بے مثل تھے ان کی حب الوطنی اور خدمت خلق کے جذبے نے انہیں ایک ایسا مقام دیا جس کے لئے لوگ ساری زندگی ترستے ہیں شہید حاجی عطاء اللہ محمد زئی کے مشن کو آج انکے بھائی حافظ حمید اللہ مینگل بہترین انداز میں ادا کر رہے ہیں وہ انجمن تاجران خضدار کے صدر بھی ہیں اور وہ عوام کی خدمت کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ حافظ حمید اللہ مینگل کی خدمات غریب لوگوں کی مالی معاونت خون عطیہ خدمت انسانیت اور تاجروں کے مسائل کو حل کرنا شامل ہے۔ وہ خضدار کے عوام کے لیے ایک ہمدرد اور خیر خواہ کے طور پر موجود ہیں امید ہے کہ وہ شہید حاجی عطاء اللہ محمد زئی کے مشن کو جاری رکھیں گے اور وہی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنائے رکھیں گے۔

میر اسرار اللہ خان زہری کے کاغذات مسترد کرنا سازش ہے، بی این پی

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی خضدار کے ضلعی ترجمان نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ الیکشن کمیشن خضدار کے آر او کی بدنیتی کا نوٹس لیکر حقیقی عوامی نمائندگان کے راہ میں رکاوٹ کس بنیاد پر کر کے ان کے کاغذات کو رجیکٹ کیا گیا ہے ترجمان نے کہا کہ بی این پی عوامی کے قائد میر اسرار اللہ خان زہری ہر دور میں جمہوری اور آئینی طریقہ کار اختیار کر کے انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ان کے کاغذات کو مسترد کرنا ایک سوچی سمجھی سازش کی کڑی ہے ہم الیکشن کمیشن سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ آر او کی بدنیتی کا نوٹس لیں اور حقیقی عوامی نمائندگان کے کاغذات کو بحال کروائیں

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شادی شیف میں داخلہ مہم آگاہی واک کا اہتمام

دالبندین (بیورو چیف) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شادی شیف اور آئی آر سی پیئر پروجیکٹ کی جانب سے داخلہ مہم 2026 کے سلسلے میں ایک آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا، جس میں اساتذہ، طلباء، والدین، کلسٹر میں شامل اسکولوں کے ٹیچرز اور آئی آر سی کے آفیسرز نے شرکت کی۔ واک کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر انرولمنٹ کمپین کے حوالے سے آگاہی پیغامات درج تھے۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتے ہوئے واپس اسکول پر اختتام پذیر ہوا۔ ریلی کے شرکاء سے ہیڈ ماسٹر عبدالعزیز مینگل نے خطاب کے دوران کہا کہ 2026 میں کوئی بچہ اسکول سے باہر نہ رہے اور یہ عزم کیا کہ ہر بچہ اسکول میں ہو کیونکہ تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جو ہمارے بچوں کے مستقبل کو روشن بنا سکتا ہے۔ داخلہ مہم کے دوران والدین سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو لازمی طور پر اسکول میں داخل کرائیں تاکہ وہ علم حاصل کر کے ایک بہتر اور کامیاب مستقبل کی بنیاد رکھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ہماری قومی اور اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم ہر پڑھا لکھا فرد اپنے علاقے کے والدین کو کونسلنگ کرے کہ ہر بچہ جو پانچ سال کی ہو اس کو اسکول میں داخل کریں اور تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں



نصیر آباد: ایچیسن کالج لاہور کے پرنسپل کے ہمراہ تیمور حسن جاموٹ کا ایوارڈ وصول کرنے کے بعد گروپ فوٹو

کوئٹہ، ڈویژنل ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر رشید احمد مگسی پودا لگا کر شجر کاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ایس ایس پی کا ہزارہ محلہ، خواتین بازار کا دورہ، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ

رش والے مقامات پر پولیس، سادہ لباس میں اہلکار بھی تعینات کیے جائیں گے

لورالائی (خ ن) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے رات گئے ہزارہ محلہ اور خواتین بازار کا تفصیلی دورہ کیا اور علاقے میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے بازاروں اور اہم مقامات پر تعینات پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی، ان کی کارکردگی کا معائنہ کیا اور سکیورٹی کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد نے کہا کہ رمضان المبارک کے آخری عشرے کے آغاز کے ساتھ ہی بازاروں اور شاپنگ مراکز میں عوام کا رش بڑھ جاتا ہے، جس کے پیش نظر پولیس کی جانب سے سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رش والے مقامات پر پولیس اہلکاروں کے ساتھ ساتھ سادہ لباس میں بھی اہلکار تعینات کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جاسکے۔

کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کا شہر کے مختلف منصوبوں کا دورہ

لائبریریاں کسی بھی معاشرے کی علمی اور فکری ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں

لورالائی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت لورالائی میں ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ، لائبریری کو علم کے فروغ کا مرکز بنانے پر زور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کا شہر کے مختلف منصوبوں کا دورہ BSDI کے تحت جاری اسکیموں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت لورالائی کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے ایڈیشنل کمشنر لورالائی اعجاز احمد جعفر اور ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کے ہمراہ شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہر کے اندر قائم پرانی لائبریری، سیشن کورٹ اسکول وومن لائبریری اور زیر تعمیر میل وی میل ڈبل اسٹوری زیر تعمیر لائبریری کا معائنہ کیا اور کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نے حکام کو BSDI کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں کے بارے میں بریفنگ دی۔ کمشنر لورالائی ڈویژن نے منصوبوں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے

آئندہ بھرتیاں کمپیوٹر بیس پر ہونگی جس کے پاس آئی ٹی سکیل ہوگا اسکے بچے بھوکے نہیں سوئیں گے، کمشنر لورالائی

سرکاری اداروں کی بہتر کارکردگی کا انحصار تربیت یافتہ عملے پر ہوتا ہے، ملازمین کی پیشہ ورانہ تربیت ضروری ہے

آفس مینجمنٹ ٹریننگ کورس میں کامیاب سرکاری ملازمین میں سرٹیفکیٹس، تعریفی اسناد کی تقسیم کی تقریب سے خطاب

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے بی آئی ٹی ایم ایس (BIITMS) لورالائی میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران آفس مینجمنٹ ٹریننگ کورس کامیابی سے مکمل کرنے والے سرکاری ملازمین میں سرٹیفکیٹس اور ہائیر کے طلباء وطالبات میں تعریفی اسناد تقسیم کئے۔ تقریب میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران، ڈی ڈی اوز، ٹرینیز اور بی آئی ٹی ایم ایس کے طلباء و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر لورالائی ڈویژن کی ہدایات پر آفس مینجمنٹ ٹریننگ کورس کا آغاز 19 جنوری 2026 کو بی آئی ٹی ایم ایس لورالائی میں کیا گیا تھا جو چار ہفتوں پر مشتمل ایک جامع تربیتی کورس تھا۔ اس تربیت کا بنیادی مقصد سرکاری ملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنا، دفتری امور کی انجام دہی میں مہارت پیدا کرنا اور آفس مینجمنٹ کے نظام کو جدید تقاضوں کے مطابق مزید مؤثر اور منظم بنانا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ یہ دور آفیشل انٹیلیجنس کا ہے، جس کے پاس آئی ٹی سکیل ہوگا اس کے بچے بھوکے نہیں سوئیں گے گھر بیٹھے لاکھوں کمایا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ آئندہ بھرتیاں کمپیوٹر بیس پر ہوگی۔ کمشنر نے کہا کہ سرکاری اداروں کی بہتر کارکردگی کا انحصار بھی تربیت یافتہ اور باصلاحیت عملے پر ہوتا ہے۔ دور حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سرکاری ملازمین کی پیشہ ورانہ تربیت انتہائی ضروری ہے تاکہ وہ جدید دفتری نظام اور انتظامی امور کو بہتر انداز میں انجام دے سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس قسم کے تربیتی پروگرام نہ صرف ملازمین کی کارکردگی میں بہتری لاتے ہیں بلکہ عوام کو بہتر اور بروقت خدمات کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کمشنر نے مزید کہا کہ اس طرح کے تربیتی پروگراموں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا

ایم پی اے ڈاکٹر محمد نواز کبزئی کی تعلیم دوست اقدامات کو سراہتے ہیں

شیرانی (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع شیرانی کے صدر بھو شیرانی، جنرل سیکرٹری سید علی شاہ حریفال، چیئرمین خانزادہ سمیع اللہ قریشی، آرگنائزر اختر شاہ شیرانی، سیکرٹری اطلاعات راز محمد شیرانی، محمد حسن شیرانی، بیت اللہ شیرانی، عبدالجبار حریفال، سلیم شیرانی، عمران شیرانی، ظاہر شاہ شیرانی، مالک داد شیرانی، محمد عابد شیرانی، دین محمد شیرانی اور دیگر کابینہ ممبران نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں ایم پی اے ڈاکٹر نواز کبزئی کی تعلیم دوستی اور مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر نواز کبزئی ہمیشہ ضلع شیرانی کے تعلیمی معاملات میں گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کو آن بورڈ لیتے ہیں اور تعلیمی بہتری کے لیے مشاورت کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصاً احمد قریشی کی بطور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع شیرانی تعیناتی ایک خوش آئند اقدام ہے

کوئٹہ: نیٹ بال کے فائنل کے موقع پر کھلاڑیوں کا بدو سپورٹس ایکشن کمیٹی کے سرپرست اعلیٰ جمال لانگو عبداللہ رند ماموں منیر مینگل و دیگر کا گروپ فوٹو

سنی علماء کونسل تحصیل بھاگ کی یوم شہادت حضرت علیؓ کے حوالے سے مطالباتی ریلی

ریلی کی قیادت قاری زاہد محمود قاسمی نے کی، ذمہ داران، کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی المرتضیٰ کو سرکاری طور پر منایا جائے، مقررین

بھاگ (نامہ نگار) 21 رمضان المبارک 1447ھ کے موقع پر سنی علماء کونسل تحصیل بھاگ کے زیر اہتمام یوم شہادت حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے ایک عظیم الشان مطالباتی ریلی حلقہ امیر عزیمت رحمہ لال مسجد صوفن شاہ سے نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت تحصیل صدر قاری زاہد محمود قاسمی نے کی۔ جس میں مختلف حلقہ جات کے ذمہ داران، کارکنان اور عوام اہل سنت کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی المرتضیٰ کو سرکاری طور پر منایا جائے اور اس دن عام تعطیل کا اعلان کیا جائے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ جمال الدین نے حاصل کی جبکہ حافظ سمیع اللہ نے منقبت پیش کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی داد محمد حیدری نے ضلع کچھی کی انتظامیہ کو تحصیل بھاگ کے امن و امان کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بھاگ ناڑی میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر سنجیدگی سے غور کیا جائے۔ اس موقع پر تحصیل صدر قاری زاہد محمود قاسمی نے اپنے خطاب میں حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیات مبارکہ اور تعلیمات پر روشنی ڈالی۔ جلوس مختلف راستوں سے ہوتا ہوا مین بازار جہانگیر چوک پہنچا جہاں یہ جلسے کی شکل اختیار کر گیا۔ آخر میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی داد محمد حیدری کی پرخلوص دعا کے ساتھ ریلی اختتام پذیر ہوئی۔

تصحیح اشتہار برائے محکمہ تعلیم ضلع ڈیرہ بگٹی

تمام عوام الناس اور امیدواران برائے محکمہ تعلیم ضلع ڈیرہ بگٹی کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محکمہ تعلیم ضلع ڈیرہ بگٹی کے سابقہ مورخہ 19 جنوری 2026 کو شائع ہونے والے اشتہار نمبر 3331 برائے کنٹریکٹ تقرری (Phase III -IV) میں غلطی سے دو یونین کونسلز، یونین لوٹی اور یونین کونسل بیکڑ کو ایک ساتھ لکھا گیا تھا جس کی وجہ سے ان یونین کونسلز کا میرٹ لسٹ شائع / آویزاں نہیں کیا گیا لہٰذا مذکورہ اشتہار میں اس بابت ضروری درستگی کی جاتی ہے اور متعلقہ یونین کونسلز کے امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس تصحیح کو مدنظر رکھتے ہوئے صرف اپنی متعلقہ یونین کونسل سے آسامی کیلئے 10 یوم کے اندر اندر اپنی درخواستیں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈیرہ بگٹی کے دفتر میں جمع کروائیں۔

DERA BUGTI (MALE) GENERAL VACANCY STATEMENT PHASE III-IVCONTRACT APPOINTMENT BPS 14 TO BPS 15

Name of UC	EST	DM	JAT	JET	JET (T)	PET	JVT	M/Q	Gender	Total
UC Beeh	1	0	1	0	0	0	1	0	Male	3
UC Beeh	0	0	0	0	0	0	1	0	Female	1
Total	1	0	1	0	0	0	2	0	---	04

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈیرہ بگٹی

PRQ No4129/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Chief Officer Municipal Committee Uthal invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%.

S #	NAME OF WORK	ESTIMATED COST	TSE NUMBER	TENDER FEE	BID SECURITY
1.	Construction of RCC Water Tank with 400ft Pipe Line 2", Additional Room & 5 Nos Water Tanks Mouza Gubkori Uthal.	3.1 Million	252603993893	1000/-	2%
2.	Construction of Sewerage Line, Marble Dada Panjo Sati Mandir & PCC Streets Hindu Mohalla Uthal.	3.1 Million	252603993903	1000/-	2%
3.	Construction of 4 Nos Water Tanks Mouza Awadan, Janar, Repair of Community Center Sardar Rahim Bakhsh Bura Goth & Construction of Sewerage Line Mouza Awadan Uthal.	2.7 Million	252603993933	1000/-	2%
4.	Repair of Shade Janza Gah Aari Pir Qabristan Uthal.	1.0 Million	252603993913	1000/-	2%
5.	Construction of Boundary wall of Community Hall at Lakho Achra Goth Kanger, Construction of water tank at Mir Muhammad Sheikh Kanger Uthal.	1.2 Million	252603993923	1000/-	2%
6.	Construction of Drains at Babo Mohalla Uthal.	1.2 Million	252603993943	1000/-	2%
7.	Drilling of Bore with Solar System Qambrani Goth Mouza Gub Mandra Uthal.	3.1 Million	252603993963	1000/-	2%
8.	Construction of Tuff Tiles at Lasi Parra Jamali Mohalla, installation of solar plates on already existing bore at Waryal Channa Goth Mukka, construction of 2 Nos water tanks at Goth Hashim Channa and Goth Allah Bakhsh Khaskhaili, Mukka & installation of solar street lights at Mouza Muka Uthal.	2.6 Million	252603993973	1000/-	2%
9.	Construction of 5 Nos Water Tanks at Mouza Banodi & Providing and Fixing Solar Plates, Submersible Mouza Marri Uthal.	2.8 Million	252603993993	1000/-	2%
10	Construction of Tuff Tiles , Sewerage Line & Installation of Solar Street Lights at Shedi Mohalla , Ilyas Mohalla , Ghulani Mohalla Uthal.	3.1 Million	252603994003	1000/-	2%
11	Construction of Sewerage Line, PCC Streets & Tuff Tiles at Jamot Colony, Kacha Colony Uthal.	3.5 Million	252603994013	1000/-	2%
12	Construction of Sewerage Line, PCC Streets & Tuff Tiles at Jamali Mohalla Uthal.	2.7 Million	252603994023	1000/-	2%
13	Construction of PCC Streets at Ward No.12, Marri No.6 Uthal.	1.2 Million	252603994033	1000/-	2%
14	Construction of Water Tank Dargah Haji Mohabat Shah Gub Mandra, Tuff Tiles at Saleem Jamot Goth Mouza Marri & Constt of Fiber Shade Basho Pir Uthal & Drilling of Bore at Jamia Masjid Norani Uthal.	3.2 Million	252603994043	1000/-	2%
15	Construction of 1 No Water Tank Goth Ghulam Qadir Kandiaro, Dirlling Bore at Goth Pir Nabi Shah & Additional Room for Govt Boys Primary School Dura Goth Uthal.	2.6 Million	252603994643	1000/-	2%
16	Providing and Fixing Solar Street Lights at Mouza Mukka Uthal.	2.4 Million	252603994663	1000/-	2%
17	Construction of Shade Female Community Hall at Nathalani Mohalla Dura Goth Uthal.	1.0 Million	252603994683	1000/-	2%
18	Construction of 10 Nos Water Tanks at Mouza Phatti, Chib Mandra & Solar System already existing Bore at Chib Mandra Uthal.	4.0 Million	252603994813	1000/-	2%
19	Construction of Shade at Pir Ghulam Muhammad Shah Pir Goth, PCC Streets at Mochi Mohalla, 2 Nos Water Tanks Pirwani Goth , Jalbani Goth & Providing and Fixing Solar Street Lights at Mouza Kandiaro Uthal.	3.1 Million	252603995133	1000/-	2%
20	Repair of 2 Nos Toilets Madrissa Jamia Madina & Additional Work Sati Mandir Uthal.	3.1 Million	252603995143	1000/-	2%
21	Repair of Community Hall Goth Haji Meeran Uthal.	2.8 Million	252603995153	1000/-	2%
22	Providing and Fixing of Solar Street Lights Mouza Torri , Kathore Uthal.	3.0 Million	252603995163	1000/-	2%
23	Construction of 2 Nos Water Tanks & Providing and Fixing Solar Street Lights at Goth Dawood Mouza Kanger Uthal.	2.5 Million	252603995183	1000/-	2%
24	Drilling of Bore with Solar System at Kumbhar Mohalla Uthal.	3.1 Million	252603995193	1000/-	2%
25	Drilling of Bore with Solar System at Goth Muhammad Aslam Uthal.	1.7 Million	252603995203	1000/-	2%
26	Construction of Community Center at Kabeer Shah Dura Goth Uthal.	4.5 Million	252603995213	1000/-	2%
27	Laying of Tuff Tiles at Goth Ahmed Jan Doda Mouza Awadan Uthal.	1.7 Million	252603995223	1000/-	2%
28	Providing and Fixing Solar Street Ligths at Mouza Kandiaro Uthal.	1.6 Million	252603995233	1000/-	2%
29	Providing and Fixing PMT with poles & wires at MC Uthal.	1.9 Million	252603995243	1000/-	2%
30	Construction of Garbage's Uthal City.	0.60 Million	252603995253	1000/-	2%
31	Installation of Solarization in School MC Uthal.	2.00 Million	252603995263	1000/-	2%
32	Drilling of Bore for drinking purpose at MC Uthal.	1.0 Million	252603995463	1000/-	2%
33	Installation of Solarization Masjid's MC Uthal.	2.0 Million	252603995563	1000/-	2%
34	Providing and Fixing Solar Lamps at Chowks Uthal City.	2.0 Million	252603995583	1000/-	2%
35	Construction of Cricket Pitch at Uthal.	1.0 Million	252603995613	1000/-	2%
36	Construction of Badminton Court at Uthal.	4.0 Million	252603995633	1000/-	2%
37	Construction of Community Hall at MC Uthal.	2.5 Million	252603995653	1000/-	2%

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration i.e. June, 2026 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope Bidding procedure.. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of **2%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Chief Officer Municipal Committee Uthal(NBP Uthal Branch **(4048275149) &** Each contractor should log in using their BPPRA ID, download the tender fee challan for the relevant scheme, and deposit it in the National Bank." **Submission**: Last date of Submission will be **(25-03-2025), at 11:00.am) Opening**: The tender document will be opened on **(25-03-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Municipal Committee Uthal** Phone No: 0853-920015 E-mail: municipalcommitteeuthal@gmail.com **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
UTHAL

AB No.965/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The CHIEF OFFICER MUNICIPAL CORPORATION CHITKAN PANJGUR District Panjgur invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, from interested contractors/firms for the work of items listed below under BSDI (2025-26). Tender fee Rs. 1000/-

S.#	Name of Work	E/Cost
1	Installation of solar lights at main bazar Chitkan **TSE-252602988443**	25000000/-
2	Supply & Installation of solar lights at Chitkan bazar and surrounding areas Panjgur **TSE-252602988473**	10000000/-

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules 2014. **ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category(C-06) and Specialized Code is **EE11(vv) (Installation of Solar Power LED Street Lighting System)** and above and registration with tax authorities i.e. (NTN and Sales Tax Department) where applicable. **Method of procurement:** Single stage – One envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Isuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission of presentation of requisite documents i.e. Tender fee, (Non-refundable), **2%** bid security / earnest money, in shape of call deposit valid PEC registration certificate. **Submission:** Last date of Submission will be **27.03.2026 at (11:15 AM) Opening:** The tender document will be opened on **27.03.2026 at (12:15 PM)** (bid shall be opened within one hour of the deadline for submission of bids) before procurement committee in the presence of contractors or bids) before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives / agents. **Place:** of issuance submission inquiries and opening will be on **27.03.2026**: - and bid validity 90 Days. **Time Limit:** 12 Months Address: Office of the Chief Officer Municipal Corporation Chitkan Panjgur Phone No: 03333917489
E-Mail Address: mcorppanjgur@gmail.com
Terms and conditions: Other terms and conditions are attached with tender documents.

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL CORPORATION
CHITKAN PANJGUR

AB No.968/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Quetta Development Authority invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs. 1000/- and Bid Security 2% for each work

S. No	Name of Work/s	Amount
1.	Construction of Tuff Tiles Killi Asif Abad Street No 2, 3, 4 and different Streets of Killi Asif Sariab Road Quetta. TSE-252603996053	29,704,000
2.	BT Road, Sewerage System and Side Drain at Various Streets of Sardar Shah Baz Togi Mashraqi Bypass and adjoining areas of Sariab Quetta TSE-252603996063	20,000,000
3.	Installation of Solar Street Lights at Haji Abdul Rasool Mengal Street & Various Street of Sariab Mil Quetta TSE-252603995803	10,000,000
4.	Installation of solar street lights at Killi Rasaldar Street Kachi Sariab Quetta. TSE-252603995913	10,000,000
5.	Construction of Dual Carriage Way B/T Road Including Sewerage Line, Side Drain, Foot Path, Main Entrance Gate on both Sides and Street Lights from Near Gild Kurd Pump to Sariab Mill Quetta (MAIN ROAD) TSE-252603996013	29,230,000
6.	Construction of Sewerage System at Railway Line and adjoining Area of Sariab Mill Scheme Quetta TSE-252603995963	28,000,000
7.	Solar WSS at Arshad Bosa Mandi Sariab Quetta TSE-252603996073	16,000,000
8.	Construction of Dual Carriage Way B/T Road including Sewerage Line, Side Drain, Foot Path, Main Entrance Gate on both Sides and Street Lights from Near Gild Kurd Pump to Sariab Mill Quetta (LINK ROADS) TSE-252603996033	20,700,000
9.	Solar WSS at Killi Nasrullah Eastern By Pass Quetta TSE-252603996083	16,000,000
10.	Solar WSS at Bashir Ahmed Sariab Quetta TSE-252603996093	16,000,000
11.	Construction of BT Road Killi Jatak Hazarganji Killi Takari Abdul Ghafar Jatak TSE-252603996103	29,704,000
12.	Solar WSS at Killi Haji Ali Madad Jatak Quetta TSE-252603996123	17,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 5 Assignment of similar nature of work Registration with Pakistan Engineering council (PEC) in Relevant Category and Specialized Code. Turnover of at least S#No 1 (20,792,800), S#No 2, 8 (14,000,000) S#No. 3, 4 (7,000,000), S#No. 5 (20,461,000), S#No. 6 (19,600,000), S#No. 7, 9, 10, (11,200,000), S#No. 11 (20,792,800) PKR Amount in 5 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27 March, 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **27 March, 2026 till 10:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:00 AM Address:** QDA Engineering Branch Office, Zarghoon Housing Scheme, Quetta **Phone no:** 081451198
Email: abdul.maroof22@gmail.com

Director
Quetta Development
Authority

AB No.964/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

VACANCY ANNOUNCEMENT

The Director, Provincial Drug Testing Laboratory Balochistan, Quetta invites applications from eligible and qualified candidates for the appointment to (11) different positions of (BPS-01 to BPS-17) based at Provincial Drug Testing Laboratory Quetta Balochistan, on purely Contract basis initially for a period of 01 year extendable on satisfactory incumbents performance or appointment of regular through Balochistan Public Service, Commission or others.
Interviews will be conducted on due date and time mentioned, at the office of the Director Provincial Drug Testing Laboratory, Quetta Balochistan Brewery Road Quetta opposite CTD near CASVAB.

Cadre & Positions Scale	No of Posts	Eligibility Criteria	Date of Interviews/Time
Pharmacist (BPS-17)	03	**Qualification:** Pharm-D, at least Second Division, from a university recognized by the Pharmacy Council of Pakistan, and registered in Register "A" of the Pharmacy Council of Pakistan. **Experience:** Relevant experience in drug testing in a well-reputed pharmaceutical industry or Drug Testing Laboratory (public or private sector). Candidates with proven expertise in advanced quality control techniques and regulatory standards will be given strong preference.	**25-03-2026 at 10:00AM**
Assistant Computer Operator (BPS-12)	01	**Qualification:** Higher Secondary School Certificate from a recognized Board, having one-year Diploma in Computer Science or IT, from a recognized Institute. ICS from a recognized Institute / Board and typing skill on computer with a speed of at least 30 words per minute in English and Urdu.	**26-03-2026 at 10:00AM**
Analytical Assistant (BPS-11)	01	**Qualification:** B.Sc. or an equivalent qualification with Chemistry as one of the subject from a recognized University or Institute. **Experience:** Relevant experience as an Analytical Assistant in a qualified Drug Testing or Quality Control laboratory within a reputable local or multinational pharmaceutical industry, or a government or semi-government laboratory.	**26-03-2026 at 12:00AM**
Laboratory Assistant (BPS-05)	01	**Qualification:** Matriculation with Science or equivalent qualification from a recognized University or Board. **Experience:** Relevant experience as a Lab Assistant in a qualified Drug Testing or Quality Control laboratory within a reputable local or multinational pharmaceutical industry, or a government or semi-government laboratory.	**26-03-2026 at 01:00PM**
Driver (BPS-05)	01	Matric an having Driving license	**27-03-2026 at 10:00AM**
Chowkidar (BPS-01)	01	Literate	**27-03-2026 at 11:00AM**
Naib Qasid (BPS-01)	01	Literate	**26-03-2026 at 12:00AM**
Sweeper (BPS-01)	02	Literate (Non-Muslim)	**27-03-2026 at 01:00PM**

Terms and Conditions: Age limits will be in accordance with the Government of Balochistan's current policy. The appointment will be made on merit basis however, preference will be given to the local/domicile candidate from Balochistan province. Candidates shall not be regularized under any circumstances; however, their contractual tenure may be extended based on a satisfactory performance certificate issued by the concerned Supervisor. Candidates will be entitled to receive pay in the respective basic scale, along with applicable allowances. Government, semi-government, and autonomous organization employees must apply through the proper channel with a NOC from their employer/parent department. These Vacancies are post specific and non-transferable. The Competent authority may cancel the complete recruitment process or may increase or decrease the number of positions at any stage during or after the process. No TA/DA will be provided for attending the interview. Selection will be strictly on merit based on the recommendations of the Selection Committee. Any form of canvassing will lead to disqualification. Candidates who have been terminated or dismissed from any government or non-government position due to disciplinary action, moral misconduct, or offenses are not eligible to apply. Concealment of facts or submission of forged documents or experience certificates will lead to immediate dismissal from the position, along with legal and disciplinary consequences. Quota for (Disabled, minorities and women) reserved as per rules/policy. Successful candidates will be posted on fixed term basis for one-year period at Provincial drug testing Laboratory only. Selections will be at the sole discretion of the Selection Committee, which will reserve the right to cancel interview at any stage without providing any reasons while Health Department. Contractual tenure may be extended based on a satisfactory certificate issued by the concern. All experience certificates shall be verified from the respective institutions. Candidates who do not possess relevant experience are advised not to apply for posts where experience is required. The candidates must bring original documents at the time of Walk-in-Interview. Eligible Candidates must submit two set of attested copies of all educational credentials, professional, experience, local/domicile certificates, CNIC, 4 Passport-size photos along with updated CV at time of interview.

Note: Contact for any query: 0819213153./08129204644.

Section Officer (Admn.)
Health Department

PRQ No.4114/11-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ: آپریشن غضب للحق (1)

پر ژوب سیکٹر میں افغان طالبان کی پوسٹ نمبر 2 اور 3 کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ پاک فوج کی بھرپور کارروائی سے افغان طالبان پوسٹیں اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے افغان طالبان کے زیر قبضہ پوسٹوں سے روسی ساختہ ہیوی گرینیڈ لانچرز قبضے میں لے لیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آپریشن غضب للحق جاری ہے اور اپنے اہداف کے حصول تک جاری رہے گا۔

بقیہ: ایران حملے (2)

3 گھنٹے تک طاقتور میزائلوں سے امریکی و اسرائیلی اہداف پر حملے کئے گئے، اسرائیل کے اہم ترین بن گورین ایئرپورٹ پر میزائل حملوں سے نقصان پہنچایا گیا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق تہران کے انقلاب سکوائر کے قریب نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای سے یکجہتی کیلئے نکالی گئی ریلی کے دوران امریکا اور اسرائیل نے حملہ کر دیا، دھماکوں کی ویڈیو ایرانی سرکاری ٹی وی پر براہ راست نشر ہوئی، دھماکوں کی آواز سے ڈرنے کے بجائے ایرانی ڈٹ کر مزاحمت کرتے رہے۔ ایرانی شہریوں نے دھماکوں کی گونج میں مزید شدت کے ساتھ اپنے ملک کے جھنڈے لہرائے، امریکا اور اسرائیل کے خلاف نعرے لگائے۔ ایران کے نومنتخب سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے اظہار یکجہتی کے لیے ایرانیوں کے بڑے پیمانے پر مظاہرے جاری ہیں۔ اسرائیلی فضائیہ کی جانب سے کئے گئے ایران کے شہر اصفہان پر حملوں میں روسی قونصل خانے کی عمارت کو نقصان پہنچا جس کی روسی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریا زاخارووا نے تصدیق بھی کی ہے۔ ترجمان کے مطابق رواں ہفتے کے آغاز میں اصفہان کے گورنر کے دفتر کے قریب ہونے والے حملے کے نتیجے میں روسی قونصل خانے کی عمارت کو نقصان پہنچا ہے، دھماکے سے قونصل خانے کے دفتر اور رہائشی اپارٹمنٹس کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے۔ ماریا زاخارووا کا کہنا تھا کہ خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ روسی وزارت خارجہ کی ترجمان نے کسی بھی سفارتی مشن پر حملے کو بین الاقوامی معاہدوں کی صریح خلاف ورزی قرار دیا اور اس بات پر زور دیا کہ تمام فریقین کو سفارتی تنصیبات کا احترام کرنا چاہیے۔ دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب نے اعلان کیا کہ اس نے آپریشن وعدہ صادق 4 کے تحت امریکی اور صیہونی اہداف کے خلاف حملوں کی نئی لہر کا آغاز کر دیا۔ پاسداران انقلاب کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ آپریشن وعدہ صادق 4 کی 37 ویں لہر کے تحت تین گھنٹے تک مسلسل میزائل حملے کیے گئے۔ بیان کے مطابق حملوں میں عراق کے شہر اربیل، بحرین میں امریکی بحریہ کے پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈ کوارٹر اور اسرائیل کے شہر تل ابیب میں فوجی مراکز کو نشانہ بنایا گیا۔ آئی آر جی سی کے مطابق جنوبی تل ابیب میں واقع سیٹلائٹ مواصلاتی مرکز کو دوسری بار نشانہ بنایا گیا جبکہ مقبوضہ بندرگاہ حیفہ کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ حملوں میں خیبر شکن، قدر اور خرم شہر میزائل استعمال کیے گئے، ان میزائلوں میں متعدد وار ہیڈز نصب تھے جبکہ قدر میزائل کے وار ہیڈ کا وزن تقریباً ایک ٹن بتایا گیا ہے۔ آئی آر جی سی کے مطابق آپریشن وعدہ صادق 4 گزشتہ ماہ اس وقت شروع کیا گیا تھا جب امریکا اور اسرائیل نے ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں شروع کیں۔ ایران نے اسرائیل کے اہم ترین بن گورین ایئرپورٹ پر میزائل حملوں سے نقصان پہنچایا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایران نے اسرائیل کے بن گورین ایئرپورٹ پر میزائل حملے کیے جسے اسرائیل کا دفاعی نظام روکنے میں ناکام رہا اور کئی میزائل ایئرپورٹ پر گرے، جس سے ہوائی اڈے کو نقصان پہنچا۔ ایرانی سرکاری میڈیا میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران نے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈوں پر میزائل حملے کیے ہیں۔ پاسداران انقلاب کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ قطر میں العدید ایئربیس، کویت میں کیمپ عریفجان اور عراق میں حریر بیس کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ آئی آر جی سی کے بیان میں دعویٰ کیا گیا کہ بڑے پیمانے پر داغے گئے میزائلوں نے خطے میں امریکی بحریہ کے پانچویں بیڑے کو بھی نشانہ بنایا اور امریکی فوجی ڈھانچے کو تباہ کر دیا۔ ایک علیحدہ بیان میں اسے جنگ کے آغاز سے اب تک کی سب سے تباہ کن اور بڑی کارروائی قرار دیا گیا ہے۔ امریکی حکام نے ان حملوں پر تاحال کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ اس دوران اقوام متحدہ میں ایرانی سفیر امیر سعید ایروانی نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے حملوں میں 1300 سے زائد ایرانی شہری جاں بحق ہوئے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ امریکی اور اسرائیلی حملوں میں اب تک 9 ہزار 669 شہری مقامات تباہ ہوئے، ان مقامات میں 7 ہزار 943 رہائشی مکانات بھی شامل ہیں۔ ایرانی سفیر نے مزید کہا کہ حملوں میں شہری تنصیبات اور رہائشی علاقوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی سفیر نے لبنان کے دارالحکومت بیروت میں اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں چار ایرانی سفارتکار کے جاں بحق ہونے کی بھی تصدیق کردی۔ ایرانی سفیر نے ایک بنگالی خط میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور سلامتی کونسل و جنرل اسمبلی کے صدر کو آگاہ کیا کہ 4 سفارتکار 8 مارچ کو اسرائیل کی جانب سے بیروت کے ہوٹل کو نشانہ بنائے جانے والے حملے میں شہید ہوئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اسرائیلی حملے میں سیکنڈ اور تھرڈ سیکرٹری سفارت خانہ، ملٹری اتاشی اور ملٹری مشن آفیسر شہید ہوئے۔ اس کے علاوہ اسرائیلی فوج نے اپنے تازہ بیان میں کہا ہے کہ اس نے لبنان کے دارالحکومت بیروت پر نئی فضائی کارروائی کی ہے۔ حملے جنوبی بیروت میں ایران کی حمایت یافتہ تنظیم حزب اللہ کے انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کیلئے کیے گئے ہیں، دونوں جانب سے بھاری توپ خانے اور راکٹوں کا استعمال کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق لبنان میں جاں بحق افراد کی تعداد 570 ہوگئی، جبکہ ایک ہزار 444 زخمی ہوئے ہیں، جبکہ 7 لاکھ 60 ہزار افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ ادھر لبنان سے میزائل حملے میں اسرائیلی فوج کا کمیونیکیشن سسٹم تباہ ہوگیا جبکہ حملے میں 2 اسرائیلی زخمی ہوگئے۔ دریں اثنا سعودی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ پرنس سلطان ایئر بیس پر داغے گئے 6 بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بغداد ایئرپورٹ کے قریب امریکی سفارتی مقام کو 2 ڈرونز سے نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی انہوں نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو یقین ہے اہداف جلد حاصل کر لئے جائیں گے، اہداف حاصل ہو جانے کے بعد تیل، گیس کی قیمتیں کم ہو جائیں گی، امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے ایران سے 10 روزہ جنگ میں 140 امریکی فوجیوں کے زخمی ہونے کی تصدیق کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ اسرائیل ایران امریکا جنگ میں اب تک 150 امریکی فوجی زخمی ہوئے ہیں۔ ادھر امریکا نے اسرائیل سے ایرانی تیل کے ذخائر پر حملے نہ کرنے کا مطالبہ کردیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل کے آرمی چیف کو باقاعدہ طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے، امریکا جنگ کے بعد ایرانی تیل سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے، امریکا کو خلیجی ممالک میں ایران کے جوابی حملوں کا بھی خوف ہے۔ دریں اثنا امریکی نیوی نے سکیورٹی کیلئے شپنگ کمپنیوں کی درخواست مسترد کردی، شپنگ کمپنیوں نے آبنائے ہرمز عبور کرنے کیلئے سکیورٹی مانگی تھی، امریکی نیوی نے کہا آبنائے ہرمز میں بہت سنگین خطرات ہیں، موجودہ صورتحال میں امریکی نیوی جہازوں کو سکیورٹی نہیں دے سکتی۔ صدر ٹرمپ نے بحری جہازوں کو تحفظ فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا، شپنگ کمپنیاں روزانہ کی بنیاد پر امریکی نیوی کو درخواست کرتی ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں جاری شدید جنگ کے تناظر میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا اہم بیان سامنے آیا ہے، جس میں انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران میں جاری فوجی آپریشن اپنے اختتام کے قریب ہے، جبکہ دوسری جانب ایران نے کویت میں موجود امریکی فوجی تنصیبات پر بڑے حملوں کا دعویٰ کر دیا ہے۔

بقیہ: گھیرا مزید تنگ (3)

کردیئے گئے ہیں۔ افغان باشندوں کا جنوبی وزیرستان کے ایڈریس پر غیر قانونی شناختی کارڈ بنوانے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد 81 افغان باشندوں کے شناختی کارڈ منسوخ اور 6 افراد کے کارڈ بلاک کیے جا چکے ہیں، کارڈ منسوخی کے بعد 560 فیملی ممبرز کو نادرا آرڈیننس کے تحت نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔

بقیہ: وزیراعلیٰ (4)

اور عام شہریوں کو بہتر اور کم خرچ سفری سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ روزمرہ آمد و رفت کو آسان اور مؤثر بنایا جا سکے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور الیکٹرک بائیکس اسکیم اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت طلبہ و طالبات، ورکنگ ویمن اور عام عوام کو آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں اپنی تعلیمی، پیشہ ورانہ اور روزمرہ سرگرمیوں کے لیے بہتر ٹرانسپورٹ میسر آ سکے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ حکومت اس اسکیم کے تحت الیکٹرک بائیکس کی فراہمی میں مکمل شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنائے گی انہوں نے کہا کہ درخواست دہندگان کا انتخاب قرعہ اندازی کے شفاف طریقہ کار کے ذریعے کیا جائے گا اور صوبے کے کسی بھی ضلع سے شہری آن لائن درخواست دے سکیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ مذکورہ الیکٹرک بائیکس کی رینج 70 سے 100 کلومیٹر تک ہوگی جو طلبہ، ملازمت پیشہ افراد اور دیگر شہریوں کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوگی

بقیہ: مہنگائی (5)

۔ جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں چکن کی فی کلو قیمت میں 35.48 پیسے، ایل پی جی کا گھریلو سلینڈر 2 سو روپے اور فی درجن کیلے میں 7 روپے سے زائد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بیف، مٹن، گڑ، سگریٹس بھی گزشتہ ہفتے مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر فی کلو 7 روپے 14 پیسے، انڈے فی درجن 20 روپے، پیاز فی کلو 4 روپے اور آلو فی کلو 1.67 روپے تک سستے ہوئے ہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 54.53 روپے سستا ہوا ہے جبکہ دال ماش، دال مسور، چینی اور ڈبل گھی سستی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔

بقیہ: قرارداد منظور (6)

پر ایران کے حملوں کی مذمت کی گئی۔ خلیجی ممالک کی جانب سے تیار مسودہ کے حق میں 13 ووٹ آئے۔ ایران کے حملوں کی مذمت سے متعلق قرارداد پر چین اور روس غیر حاضر رہے۔ پاکستان نے خلیجی ممالک کی جانب سے ایران کے خلاف پیش قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ بحرین کے مندوب کا کہنا تھا کہ ایرانی حملوں کی مذمت کیلئے قرارداد 135 ممالک کو اسپانسر کیا، پاکستان بھی خلیجی ممالک کی جانب سے ایران کے خلاف پیش قرارداد کا اسپانسر تھا۔

بقیہ: تبادلہ خیال (7)

دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں حالیہ پیشرفت بشمول کویت پر حملوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کی قیادت اور عوام کے ساتھ پاکستان کے یکجہتی کے جذبات کا اعادہ کیا اور خطے میں امن و استحکام کیلئے فوری بات چیت اور کشیدگی کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں زیر غور امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور تاریخی تعلقات کو فروغ دینے کا اعادہ کیا۔

بقیہ: ون ڈے سیریز (8)

ٹیم نے پاکستان کی جانب سے دیئے گئے 115 رنز کے ہدف کو 15.1 اوورز میں حاصل کرلیا۔ بنگلادیش کے نجم الحسین شانتو نے 27 رنز بنائے جبکہ تنزید حسن نے 67 رن کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ پاکستان کی جانب سے شاہین آفریدی اور محمد وسیم نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ ڈھاکا کے شیر بنگلا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے

بقیہ: اسرائیلی حملے (9)

سے اب تک حکام کے مطابق تقریباً 7 لاکھ 60 ہزار افراد نقل مکانی کرچکے ہیں۔ لبنانی حکومت کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ یونٹ نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں بتایا ہے کہ دو مارچ سے اب تک خود کو رجسٹر کروانے والے متاثرین کی تعداد 7 لاکھ 59 ہزار 300 ہو چکی ہے، جن میں سے ایک لاکھ 22 ہزار سے زائد افراد حکومت کے زیر انتظام سرکاری پناہ گاہوں میں مقیم ہیں۔ حکام نے بیروت کی سپورٹس سٹی جیسے سرکاری مراکز اور سکول پناہ گاہوں میں تبدیل کر دیے ہیں۔ اسرائیلی جنگی طیاروں نے کچھ دیر قبل جنوبی ضاحیہ کے علاقے حی الیاموس پر شدید بمباری کی۔

بقیہ: اجازت دیدی (10)

دے دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عدالت نے ہرش رانا نامی 31 سالہ شخص کے والدین کی درخواست منظور کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریض کی حالت میں بہتری کی کوئی امید نہیں، اس لیے انسانی وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے لائف سپورٹ واپس لیا جاسکتا ہے۔ عدالت کا یہ فیصلہ جسٹس جے بی پردیوالا اور جسٹس کے وی وشواناتھن پر مشتمل بنچ نے سنایا، فیصلے میں کہا گیا ہے کہ لائف سپورٹ ختم کرنے کا فیصلہ دو بنیادوں پر ہونا چاہیے کہ علاج کو طبی مداخلت تصور کیا جائے اور یہ فیصلہ مریض کے بہترین مفاد میں ہو۔

بقیہ: ترجمان وزیراعظم (11)

سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی سوال ہی نہیں، ہم ہر وقت اور ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سکیورٹی تعاون کوئی نئی بات نہیں، دونوں ممالک طویل عرصے سے ایک دوسرے کے دفاعی مفادات کا خیال رکھتے آئے ہیں۔ مشرف زیدی نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے ریاض میں سعودی وزیر دفاع سے ملاقات کر کے مشترکہ دفاعی اقدامات پر بات کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار جنگ کے آغاز سے ہی ایرانی وزیر خارجہ کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

بقیہ: اے پی این ایس (12)

کی عدم ادائیگی کے باعث ملک بھر کے اخبارات شدید مالی بحران کا سامنا کر رہے ہیں اور اس وجہ سے وہ عید سے پہلے اپنے ملازمین کی تنخواہیں اور دیگر واجبات ادا کرنے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے باعث مہنگائی اور بڑھتی ہوئی لاگت زندگی نے مالی بحران کو مزید بڑھا دیا ہے۔ لہٰذا انہوں نے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ اخبارات کے طویل عرصے سے زیر التواء واجبات کی ادائیگی کی فوری منظوری دی جائے۔

بقیہ: پرویز الٰہی (13)

نے سابق سیکرٹری پنجاب اسمبلی محمد خان بھٹی کی ضمانت منسوخی کی اپیلیں بھی مقرر کر دیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 12 مارچ کو کیس کی سماعت کرے گا۔ واضح رہے کہ پرویز الٰہی، راسخ الٰہی اور محمد خان بھٹی کی ضمانت منسوخی کیلئے پنجاب حکومت نے اپیلیں دائر کر رکھی تھی، ملزمان کیخلاف مقدمات تھانہ اینٹی کرپشن گوجرانوالہ میں درج ہیں۔

بقیہ: جین میریٹ (14)

نے کہا یہ پرائیویٹ ڈسکشن تھی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ سے پوچھا گیا کہ آپ کی اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کا مقصد کیا تھا؟ اس پر جین میریٹ نے کہا پارلیمنٹ آنا اور سیاسی رہنماؤں سے ملاقات کرنا خوش آئند ہوتا ہے، ملاقات کے ایجنڈے کے سوال پر انہوں نے کہا کہ یہ پرائیویٹ ڈسکشن تھی۔

بقیہ: اپوزیشن جماعتیں (15)

کے مطابق اجلاس میں لطیف کھوسہ نے ایران کی مکمل حمایت کرنے کا کہا، لطیف کھوسہ نے کہا کہ موجودہ حکمران ٹرمپ کو نوبل انعام دے رہے تھے، لطیف کھوسہ نے ایوان میں قرارداد پیش کرنے اور ایوان کی اسرائیل کی مخالفت کا کہا۔ پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی شیر علی ارباب نے قانون سازی کے طریقہ کار پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ شیر علی ارباب نے کہا کہ کمیٹیوں سے نکل کر کچھ ملا اور ہم اپنا موقف بھی نہیں پیش کر سکتے، کمیٹیوں سے استعفیٰ کے بجائے ایوان سے ہی استعفیٰ دے دیں۔

بقیہ: بیرسٹر گوہر (16)

کو کہا ہو کہ آپ اونر شپ لیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ایک ٹرسٹی کی کیا اونر شپ ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ نے کیا لیا ہے؟ 35 دن کے بجائے آج ایک سال کے بعد بھی کیس نہیں لگا، بانی پی ٹی آئی کو ضمانت ملنی چاہیے تھی۔

بقیہ: قومی اسمبلی (17)

ملتوی کیا گیا تھا جس کا شیڈول اب تبدیل کر دیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے شیڈول میں تبدیلی کا سرکلر جاری کر دیا۔

بقیہ: چیف جسٹس (18)

کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے کی۔ اجلاس میں لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری سات نکاتی ایجنڈے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اور متعلقہ امور پر اس کی توثیق کردی گئی۔ اجلاس میں معزز ججز نے عوامی وسائل کے مؤثر استعمال، عالمی سطح پر پیٹرولیم کی قلت اور توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے پیش نظر کفایت شعاری اور توانائی بچت کے متعدد اقدامات کی منظوری دی تاکہ صوبے میں عدالتی خدمات کا تسلسل برقرار رکھا جا سکے۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان ہائی کورٹ میں چار روزہ ورکنگ ویک نافذ کیا جائے گا۔ پیر سے جمعرات تک معمول کے مطابق عدالتی کام جاری رہے گا جبکہ جمعہ کے روز صرف ہنگامی نوعیت کے مقدمات کی سماعت کی جائے گی۔ اس طرح ہائی کورٹ کا عملہ جمعہ اور ہفتہ کو روٹیشنل بنیادوں پر دفتر حاضر ہوگا۔

بقیہ: امور پر گفتگو (19)

جین میریٹ نے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان حسین احمد یوسفزئی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور برطانیہ کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، دو طرفہ تعلقات کے فروغ، خطے کی مجموعی صورتحال اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے معیشت پر ممکنہ اثرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ: سپارکو (20)

مطابق 19 مارچ کی شام شوال کا چاند نظر آنے کے امکانات کم ہیں، رواں سال 30 روزے ہونے کا امکان ہے، عیدالفطر 21 مارچ کو ہونے کی توقع ہے۔ شوال کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 19 مارچ کو اسلام آباد میں طلب کیا گیا ہے، زونل رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس متعلقہ شہروں میں منعقد ہوں گے۔ شوال کے چاند کی حتمی رویت کا اعلان مرکزی رویت ہلال کمیٹی کرے گی۔

بقیہ: ایرانی صدر (21)

کے مطابق گفتگو کے دوران مسعود پزشکیان نے کہا کہ عالمی برادری جنگ کے ذمہ داروں پر توجہ نہیں دیتی تو عالمی نظام اور سکیورٹی کو سنگین خطرات ہو سکتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ایران کا خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ کسی تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل وزیراعظم شہباز شریف نے ایران کے نومنتخب سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو خط لکھا تھا، وزیراعظم نے آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا اور انہوں نے ایران کے برادر عوام اور امت مسلمہ کے لیے پاکستانی عوام کی تعزیت اور دعاؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ: آسامیاں تحلیل (22)

بچت کے لیے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں طے پایا کہ حکومت بلوچستان فوری طور پر اضافی کفایت شعاری مہم پر عمل درآمد کو یقینی بنائے گی تاکہ مالی وسائل کا مؤثر استعمال کیا جا سکے اجلاس کو بتایا گیا کہ سرکاری اخراجات میں کمی اور ایندھن کی بچت کے لیے حکومت کی جانب سے اضافی کفایت شعاری مہم کے تحت متعدد عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں کابینہ اجلاس میں تنخواہوں میں رضاکارانہ کٹوتی کے حوالے سے فیصلہ کیا گیا کہ تمام صوبائی وزراء، مشیران اور پارلیمانی سیکریٹریز دو ماہ کی تنخواہیں نہیں لیں گے، جبکہ صوبائی اسمبلی کے تمام اراکین کی تنخواہوں میں 25 فیصد رضاکارانہ کٹوتی کی جائے گی اسی طرح گریڈ 20 اور اس سے اوپر کے وہ سرکاری افسران جن کی تنخواہ تین لاکھ روپے سے زائد ہے وہ بھی رضاکارانہ طور پر دو دن کی تنخواہ حکومت کو دیں گے تاہم صحت اور تعلیم کے شعبوں میں خدمات انجام دینے والے سرکاری ملازمین کو اس کٹوتی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے کابینہ نے سرکاری اجلاسوں اور تقریبات کے حوالے سے بھی نئے اصول متعارف کرانے کا فیصلہ کیا اجلاس میں طے کیا گیا کہ آئندہ تمام سرکاری اجلاس زیادہ تر ویڈیو لنک یا آن لائن طریقہ کار کے ذریعے منعقد کیے جائیں گے تاکہ غیر ضروری سفر اور اخراجات سے بچا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ غیر ملکی وفود کے علاوہ کسی قسم کے سرکاری عشائیے کی اجازت نہیں ہوگی

بقیہ: شرح مقرر (23)

جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت ملازم کی پنشن کے لیے 12 فیصد جبکہ ملازم اپنی تنخواہ کا 10 فیصد حصہ فنڈ میں جمع کرے گا۔ اس طرح مجموعی طور پر 22 فیصد رقم پنشن فنڈ میں جمع ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ملازم اپنی مرضی سے 10 فیصد سے زیادہ بھی فنڈ میں جمع کرا سکتا ہے، جس کے لیے اسے باضابطہ طور پر حلف نامہ اور ڈیکلریشن جمع کرانا ہوگا۔

بقیہ: شاہد خٹک (24)

نے سینیٹر زرقا پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے پیسے لیے ہیں آپ کیوں یہاں بیٹھی ہیں، جس پر بیرسٹر علی ظفر برہم ہو گئے۔ بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ ہمارے ارکان کی بے توقیری کریں گے تو بائیکاٹ کر دیں گے۔ اجلاس میں ممبران قومی اسمبلی اور سینیٹرز بھی شاہد خٹک کے بیانات پر برس پڑے۔ اجلاس میں اراکین نے رائے دی کہ شاہد خٹک حدود سے تجاوز کر رہے ہیں۔ سینیٹر زرقا نے متنبہ کیا کہ مجھے نوٹس دیا جس کا جواب دیا، مطمئن نہ ہوتے تو پارٹی سے نکال دیتے۔

بقیہ: کوئٹہ کینٹ (25)

پلاسٹک کے شاپر میں بند کر کے صحن میں دفن کئے تھے پولیس کے مطابق کینٹ پولیس کو گزشتہ روز اطلاع ملی تھی کہ کینٹ کے علاقے بلوچ لائن کے بند مکان سے شدید بدبو آرہی ہے جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر مکان کی تلاشی لی صحن سے شدید بدبو آ نے پر کھدائی کرنے پر پلاسٹک کے شاپر برآمد ہوئے جس میں انسانی اعضا تھے پولیس نے اعضا تحویل میں لے کر سول ہسپتال منتقل کر دیئے۔

بقیہ: نوٹیفکیشن جاری (26)

کی کامیابی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ دوسری جانب جمعیت علمائے اسلام نے قلات میں ہونے والے ضمنی انتخاب کے نتائج کو مسترد کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ اس انتخاب میں بدترین دھاندلی کی گئی۔ میر ضیا اللہ لانگو نے 14 ہزار 281 ووٹ حاصل کر کے کامیابی حاصل کی۔ جمعیت علماء اسلام کے امیدوار میر سعید لانگو 11 ہزار 46 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے جبکہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے امیدوار میر قادر بخش 5 ہزار 835 ووٹ حاصل کر کے تیسرے نمبر پر رہے۔ حلقے میں سات پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کرائی گئی جہاں ڈالے گئے ووٹوں کی شرح تقریباً 41 فیصد رہی۔ حلقہ پی بی 36 قلات کے اس ضمنی انتخاب میں مجموعی طور پر 36 امیدوار مد مقابل تھے تاہم اصل مقابلہ بلوچستان عوامی پارٹی کے میر ضیا اللہ لانگو اور جمعیت علماء اسلام کے میر سعید لانگو کے درمیان رہا۔

بقیہ: آئی ایم ایف (27)

۔ آئی ایم ایف حکام کو بتایا گیا کہ علاقائی کشیدگی کے باعث ملک میں مہنگائی بڑھنے کا خدشہ ہے، فروری 2026 میں بنیادی افراط زر 7 اعشاریہ 6 فیصد تک پہنچ گئی جبکہ خوراک، ایندھن اور توانائی مہنگی ہونے سے مہنگائی میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ آئی ایم ایف نے جون تک زرمبادلہ کے ذخائر کا 18 ارب ڈالر کا ہدف پورا کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ تنخواہ دار طبقے پر انکم ٹیکس میں 5 فیصد ممکنہ کمی کی تجویز ہے جبکہ کارپوریٹ سیکٹر اور امیر طبقے پر سپر ٹیکس اور پراپرٹی انکم پر ٹیکس میں بھی کمی کی تجویز ہے۔ پاکستانی برآمدات پر عائد ایک فیصد ایڈوانس ٹیکس بھی واپس لینے کی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ: آئی جی ایف سی (28)

ڈیپارٹمنٹس کے اہم عہدیداروں نے شرکت کی اجلاس کا مقصد ضلع جاتی میں عوام کی فلاح و بہبود، امن و امان، پوست کی تلفی کے لیے کاوشات، صحت و تعلیم کی سہولیات، عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہریوں اور جرگوں کی کارکردگی، افغان مہاجرین کے انخلا، بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور علاقائی سکیورٹی کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینا تھا۔

بقیہ: کوکنگ آئل (29)

تفصیلات کے مطابق عالمی مارکیٹ میں خام پام آئل کی قیمتوں میں اضافہ شروع ہو گیا، جس کے اثرات مقامی مارکیٹ میں بھی محسوس ہو سکتے ہیں۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گزشتہ دس دنوں میں پام آئل کے نرخ میں 75 ڈالر فی ٹن اضافہ ہوا ہے اور اب یہ 1100 ڈالر فی ٹن تک پہنچ گئے ہیں

بقیہ: نوٹس جاری (30)

درخواست دائر کی ہے۔ یہ ہماری متفرق درخواست پر جواب دے دیں، ہم ان کی درخواست پر جواب جمع کروا دیتے ہیں۔ ہمیں وقت دے دیں، نوٹس کریں تو ہم جواب دے دیں گے۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا آج اسپیشل پراسیکیوٹر عدالت میں موجود کیوں نہیں ہیں؟ یہ دلائل دینے سے کیوں بھاگ رہے ہیں؟ یہ بانی پی ٹی آئی کو کسٹڈی میں رکھ کر ایک آنکھ ضائع کر رہے ہیں اور دوسری کا بھی ارادہ ہے۔ بیرسٹر اعتزاز احسن نے کہا رمضان میں قیدی کو رہا کرنا ثواب کا کام ہے، عدالت نے کہا بانی پی ٹی آئی کے وکلا نے نیب پر جرمانہ عائد کرنے کی استدعا کر رکھی ہے، اسپیشل پراسیکیوٹر کی عدم حاضری پر نیب کو ایک لاکھ روپے جرمانہ کر دیا گیا۔ نیب کے وکیل نے کہا آئندہ سماعت پر نیب کے اسپیشل پراسیکیوٹر لازمی پیش ہو جائیں گے۔

بقیہ: عالمی منڈی (31)

کے ساتھ 85 ڈالر فی بیرل ہو گیا جبکہ برطانوی خام تیل کی قیمت میں 1.55 فیصد اضافہ ہوا، برطانوی خام تیل 89.16 ڈالر فی بیرل پر فروخت ہو رہا ہے۔

بقیہ: مورا نامدار (32)

وزیر خارجہ کے موقف کی تائید کرتے ہوئے سفری انتباہ جاری کر دیا ہے۔ امریکی اسسٹنٹ سیکرٹری مورا نامدار کے مطابق افغانستان میں امریکی شہریوں کو سنگین خطرات لاحق ہیں، افغانستان کیلئے امریکہ کی سب سے بلند درجہ کی ٹریول ایڈوائزری لیول 4 یعنی ہرگز سفر نہ کریں برقرار ہے۔ مورا نامدار نے کہا کہ طالبان کی جانب سے بلند و بانگ دعوؤں کے برعکس افغانستان محفوظ نہیں، امریکی شہری کسی بھی صورت افغانستان کے کسی بھی حصے کا سفر نہ کریں۔ افغانستان میں موجود امریکی شہریوں کو فوری طور پر وہاں سے نکل جانا چاہیے۔

بقیہ: سیکورٹی ہائی الرٹ (33)

سیکورٹی کیلئے پولیس اور ایف سی کے دو ہزار افسران و اہلکار تعینات کئے گئے تھے شہر بھر میں 14 ناکے لگائے گئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر عاشق حسین ہزارہ کی قیادت میں یوم علی کا شبیہ ذوالجناح تعزیوں اور علموں کا 21 دستوں پر مشتمل ماتمی جلوس شہداء چوک علمدار روڈ سے برآمد ہوا جو علمدار روڈ ابراہیم اسٹریٹ میکانگی روڈ آرچر روڈ آرٹس اسکول روڈ پرنس روڈ اور میکانگی روڈ سے ہوتا ہوا علمدار روڈ پر اختتام پذیر ہوا جلوس کے موقع پر شہر بھر میں سیکورٹی کے فول پروف اقدامات کئے گئے تھے، پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے جلوس کے راستوں کو قناتیں اور ٹرک کھڑے کر کے سیل کر دیا جلوس کی سیکورٹی کیلئے پولیس اور ایف سی کے دو ہزار افسران و اہلکار تعینات کئے گئے تھے۔

بقیہ: بلوچستان ہائیکورٹ (34)

در پیش تکنیکی و مالی مسائل سے آگاہ کیا گیا۔ سماعت کے دوران ژوب، میر علی خیل روڈ منصوبے کے پراجیکٹ ڈائریکٹر منظر جان نے عدالت کو بتایا کہ کنسٹرکشن کمپنی (جواب دہندہ نمبر 6) کی جانب سے پیش کردہ تجویز کے مطابق ابتدائی طور پر منصوبے پر تقریباً 300 ملین روپے کی بچت متوقع تھی، تاہم بعد ازاں کام کے دائرہ کار میں تبدیلی کرتے ہوئے مزید دو پل کی تعمیر شامل کر دی گئی جس کے باعث منصوبے پر تقریباً 2.5 ارب روپے اضافی لاگت آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں اس نوعیت کی تبدیلی کا اختیار پراجیکٹ ڈائریکٹر یا بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (بی ڈی اے) کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ اس معاملے میں تکنیکی نوعیت کے مسائل موجود ہیں اور ممکنہ طور پر حکومت بلوچستان کو اضافی فنڈز درکار ہوں گے، اس لیے عدالت فی الحال اس مرحلے پر کوئی حتمی حکم جاری کرنا مناسب نہیں سمجھتی۔ تاہم عدالت نے واضح کیا کہ متعلقہ حکام اگر مناسب سمجھیں تو اس معاملے کو متعلقہ فورم پر اٹھا سکتے ہیں، لیکن منصوبے میں مزید تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی

بقیہ: اکین اسمبلی (35)

پریونیو میر عاصم کرد گیلو صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ پارلیمانی سیکرٹریز سردار مسعود خان لونی حاجی محمد خان لہڑی حاجی ولی محمد نورزئی اراکین بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے یوم علیؑ کے موقع پر الگ الگ بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ یوم علیؑ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ حق اور سچ کی راہ پر ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے، لہٰذا آج کے دن ہمیں حضرت علیؑ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنانے کا عہد کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ حضرت علیؑ کی شہادت اسلام کی تاریخ کا عظیم اور دردناک باب ہے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں یوم علیؑ کے جلوسوں اور مجالس کے لیے سخت سکیورٹی پلان نافذ کیا گیا ہے کسی کو حکومتی رٹ چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دیں گے حکومتی رٹ چیلنج کرنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا انہوں نے کہا کہ خطے میں کشیدہ اور جنگی صورت حال کے پیش نظر سکیورٹی مزید مؤثر بنائی ہے۔

بقیہ: سماعت (36)

کی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کے باعث روزانہ مسافروں، طلبہ، بزرگ شہریوں، خواتین، معذور افراد اور دیگر شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ، ٹریفک سگنلز، ٹریفک قوانین کے مؤثر نفاذ اور محفوظ ٹریفک ماحول کی فراہمی شہریوں کا بنیادی حق ہے۔ درخواست گزار کے وکیل محمد ارسلان ایڈووکیٹ اور معاون وکیل نے مداخلت کی درخواست پر کوئی اعتراض نہیں اٹھایا۔ عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے مداخلت کرنے والے وکلا کو بطور درخواست گزار شامل کرنے کی اجازت دے دی اور ہدایت کی کہ وہ درخواست کا ترمیم شدہ عنوان (Amended Title) عدالت میں جمع کرائیں۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) کے وکیل نے CMA نمبر 4649/2025 اور 664/2026 کے جواب جمع کرانے کے لیے مزید وقت طلب کیا جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل سیف اللہ درانی نے ٹریفک پولیس کوئٹہ کی جانب سے پیش رفت رپورٹ عدالت میں جمع کرائی۔ رپورٹ کے مطابق ٹریفک پولیس نے خستہ حال اور ناقص لوکل بسوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 68 بسیں تحویل میں لے لی ہیں اور ایسی بسوں کو سڑکوں پر چلنے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔

بقیہ: این پی (37)

ومعالجے کی بنیادی سہولیات تک رسائی بھی حاصل نہیں، مریض ہسپتالوں تک نہیں پہنچ پا رہے اور ادویات کی فراہمی بھی متاثر ہو چکی ہے۔ اگر صورتحال کو فوری طور پر بہتر نہ کیا گیا تو خدشہ ہے کہ یہ سنگین صورتحال ایک انسانی المیے کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ میں شام سے صبح تک کرفیو اور سخت چیکنگ کے عمل نے بھی عوام کو شدید پریشانی اور اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے۔

بقیہ: آسمانی بجلی (38)

علاقہ اور عوامی حلقوں نے بالا حکام اور مخیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ رحمتان اکا کے ساتھ مالی تعاون کیا جائے۔ رحمتان اکا نے صوبائی حکومت، محکمہ لائیو اسٹاک کے وزیر فیصل جمالی اور سیکرٹری و دیگر ذمہ داران سمیت ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ ان کا کل اثاثہ آسمانی بجلی کی نذر ہو گیا انسانی ہمدردی کے تحت ان کی مدد کی جائے تاکہ وہ باعزت طریقے سے دوبارہ اپنا روزگار بحال کر سکے اور اپنے بچوں کے نان و نفقہ کا بندوبست کر سکے۔

بقیہ: پاکستان (39)

نے حال ہی میں شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں کے خلاف دہشت گرد حملوں میں واضح اضافہ دیکھا ہے۔

سرکاری اداروں کیلئے ڈیجیٹل نظام اپنانا ناگزیر ہوچکا ہے،عسکر خان

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ تعلقات عامہ میں ترجیحی بنیادوں پر ای فائلنگ سسٹم شروع کیا جارہا ہے

ای۔فائلنگ سسٹم کے ذریعے دفتری امور کو مؤثر،شفاف اور تیز تر بنایا جاسکتا ہے،ملازمین کی کارکردگی بہتر ہوگی،ڈی جی پی آر

کوئٹہ(خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز عسکر خان کی صدارت میں ای۔فائلنگ سسٹم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ اطلاعات کے تمام شعبوں کے سربراہان نے شرکت کی۔اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز عسکر خان نے کہا کہ موجودہ دور میں سرکاری اداروں کے لیے ڈیجیٹل نظام اپنانا ناگزیر ہوچکا ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7پر

گورنر جعفر مندوخیل سے ایم این اے پھلین بلوچ و دیگر ملاقات کررہے ہیں

شوال کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 19 مارچ کو طلب

اسلام آباد(بیورورپورٹ)شوال کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 19 مارچ کو طلب کرلیا گیا۔اجلاس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے جبکہ اجلاس میں تمام مکاتب فکر کے علماء ،محکمہ موسمیات اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شرکت کریں گے۔اجلاس میں ملک بھر سے چاند کی رویت کے لیے موصول ہونے والی شہادتوں کی جانچ کی جائے گی۔دوسری جانب زونل رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس متعلقہ شہروں میں منعقد ہوں گے۔

سائبر سکیورٹی اور ڈیجیٹل پاکستان اولین ترجیح ہے،شزا فاطمہ

اے آئی اور کوانٹم ٹیکنالوجیز کی وجہ سے سائبر سکیورٹی میں ایڈوانس دیکھنے کو مل رہا ہے

ٹیکنالوجی میں ترقی کے ساتھ اس کے خطرات بھی بڑھ رہے ہیں،وفاقی وزیر آئی ٹی کا خطاب

اسلام آباد(بیورورپورٹ)وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ سائبر سکیورٹی اور ڈیجیٹل پاکستان حکومت کی اولین ترجیح ہے۔اسلام آباد میں سائبر سکیورٹی کے حوالے سے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شزا فاطمہ کا کہنا تھا کہ سائبر سکیورٹی عصر حاضر میں انتہائی اہمیت اختیار کرچکی ہے اور ٹیکنالوجی میں ترقی کے ساتھ اس کے خطرات بھی بڑھ رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ حکومت اپنی ڈیٹا سینٹرز کو ڈیجیٹل بنانے کے اقدامات........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7پر

ہوشاب:نوجوان کی لاش برآمد ورثا اور علاقہ مکینوں کا احتجاج

تربت(این این آئی)تربت کے علاقے ہوشاب میں ایک نوجوان کی لاش برآمد ہونے کے بعد ورثا اور علاقہ مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے سی پیک شاہراہ(تربت۔کوئٹہ روڈ)کو بلاک کردیا تاہم بعد ازاں پولیس حکام سے مذاکرات کے بعد احتجاج ختم کرکے ٹریفک بحال کردی گئی۔ذرائع کے مطابق نوجوان کی لاش آر ایچ سی اسپتال ہوشاب منتقل کی گئی جہاں اس کی شناخت شریف ولد چنگیز کے نام سے ہوئی۔اہل خانہ کے مطابق گزشتہ رات تین موٹرسائیکلوں پر سوار چھ نامعلوم مسلح افراد شریف کو زبردستی اپنے ساتھ لے گئے تھے

صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے،فیصل جمالی

دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

نصیرآباد(خ ن)صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے گوٹھ شفیع محمد جمالی میں ایم پی اے فنڈ سے منظور ہونے والی بلیک ٹاپ روڈ کی تکمیل کے بعد اس منصوبے کا دورہ کرکے اسکیم کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے جاری ترقیاتی کاموں اور سڑک کی تعمیر کے معیار کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی منصوبوں میں شفافیت اور معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے دورے کے موقع پر مقامی معتبر شخصیت شفیع محمد جمالی نے بلیک ٹاپ........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7پر

نادرا کا مشکوک شناختی کارڈز رکھنے والوں کیخلاف گھیرا مزید تنگ،تصدیقی بورڈ قائم

اسلام آباد(زاہد احمد خان)نادرا نے جعلی یا مشکوک شناختی کارڈ رکھنے والوں کیخلاف گھیرا مزید تنگ کرتے ہوئے جانچ پڑتال کیلئے تصدیقی بورڈز قائم کردیئے۔رپورٹ کے مطابق ملک کے ڈیٹا بیس سے جعلی شناختی کارڈز کے 1247 کیسز ریجنل بورڈز کو ارسال کردیئے گئے ہیں۔افغان باشندوں کا جنوبی وزیرستان کے ایڈریس پر غیر قانونی شناختی کارڈ بنوانے کا انکشاف ہوا ہے جس کے بعد 81 افغان باشندوں کے شناختی کارڈز منسوخ اور 6 افراد کے کارڈ بلاک کئے جاچکے ہیں

بلوچستان کی خواتین کو صوبے کی ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا،طاہرہ بلوچ

خواتین کے تحفظ سے متعلق قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے

کوئٹہ(اے پی پی)سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسگی طاہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی خواتین کو اعتماد کے ساتھ صوبے کی ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا،خواتین کے تحفظ سے متعلق قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو پی آر ایس پی کے زیراہتمام پی آر ایس پی آفس میں عالمی یوم خواتین سے متعلق منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7پر

تاجروں پر بلاجواز مقدمات اور چھاپوں کی مذمت کرتے ہیں،عبدالرحیم کاکڑ

ناروا چھاپے بند اور ناجائز مقدمات واپس لے کر ظلم کا سدباب کیا جائے،حاجی عبدالباری

معیشت کا پہیہ چلانے والوں کیخلاف ظلم بند نہ کیا گیا تو شدید احتجاج کرینگے،میر یاسین مینگل

کوئٹہ(سٹی رپورٹر)مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حاجی عبدالباری،حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل،سعد اللہ اچکزئی، ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، عبدالخالق آغا عبدالعلی دمڑ،دوران علی کاکڑ، اللہ داد اچکزئی، جہانگیر لانگو، نقیب اللہ کاکڑ، عمر درانی، دوست محمد آغا، احسان کاکڑ، اتحاد تاجران کے حسن آغا، شاہ رضا،علی رضا، قاہر ترین، عنایت درانی سمیت دیگر نے گزشتہ روز سریاب میں کسٹم حکام کی جانب سے شور........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7پر

بلوچستان کی ترقی کیلئے باہمی تعاون ناگزیر ہے،سیدال خان ناصر

امید ہے تمام سیاسی وقبائلی زعماء مثبت کردار کے ذریعے بھائی چارہ یقینی بنائیں گے

کوئٹہ(آن لائن)ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی، امن واستحکام اور عوامی فلاح کے لیے تمام سیاسی و قبائلی قیادت کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت مل کر کام کرنا ہوگا یہ بات انہوں نے وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔افطار ڈنر میں پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میر محمد خان لہڑی سابق صوبائی وزیر وزیر داخلہ نوابزادہ میر........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7پر

ڈی جی پی آر عسکر خان کو ای ڈی یو کی جانب سے ای فائلنگ سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

حضرت علیؓ کی تعلیمات انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں،وزراء،اراکین اسمبلی

یوم علیؓ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ حق اور سچ کی راہ پر ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے،بخت محمد کاکڑ،سلیم کھوسہ،صادق عمرانی،نور محمد دمڑ

آج کے دن ہمیں حضرت علیؓ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنانے کا عہد کرنا چاہیے،ولی نورزئی،محمد خان لہڑی،زرک مندوخیل

کوئٹہ(اے این این)صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ حضرت علیؓ کی تعلیمات عدل،شجاعت اور انسانیت کی اعلیٰ مثال ہیں یوم علیؓ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ حق اور سچ کی راہ پر ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے،لہٰذا آج کے دن ہمیں حضرت علیؓ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنانے کا عہد کرنا چاہیے یہ بات صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ،صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ، صوبائی وز........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7پر

بلاول بھٹو سے میئر کراچی اور سابق معاون خصوصی ہنگل خان مہر کی ملاقاتیں

کراچی(آئی این پی)چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو زرداری سے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور وزیراعلیٰ سندھ کے سابق معاون خصوصی ہنگل خان مہر نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی و دیگر الیکٹرک بائیکس سکیم کی تقریب میں قومی ترانہ کے احترام میں کھڑے ہیں

بلوچستان ہائیکورٹ:کوئٹہ میں ٹریفک مسائل سے متعلق سماعت

ٹریفک مسائل کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے،درخواست گزار

سماعت کے دوران 2وکلاء فریق بننے کی استدعا منظور،سماعت 30مارچ تک ملتوی

کوئٹہ(خ ن)بلوچستان ہائی کورٹ میں کوئٹہ شہر میں ٹریفک مسائل اور پبلک ٹرانسپورٹ کی بہتری سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی۔سماعت کے دوران آرڈر 1 رول 10 بمعہ سیکشن 151 سی پی سی کے تحت دائر CMA نمبر 85/2026 پر غور کیا گیا،جس میں دو وکلاء نے بطور مداخلت کار درخواست میں فریق بننے کی استدعا .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7پر

پیٹرول اور ڈیزل کے بعد ایل پی جی کے 4جہاز پاکستان پہنچ گئے

نیوٹیکیٹر اٹلانٹک بحری جہاز سے تقریباً 12ہزار ٹن ایل پی جی ڈسچارج کی،نیوٹیکیٹر ایریز ایس ایس جی سی ٹرمینل پر موجود

السواٹر بحری جہاز 3700ٹن ایل پی جی کے ساتھ بندرگاہ کے باہر ڈسچارجنگ کے انتظار میں ہے،پورٹ قاسم انتظامیہ

قلت کی افواہیں دم توڑ گئیں اوگرا نے بھی ایل پی جی کی قیمت میں بلاجواز اضافے پر ایکشن کا اعلان کردیا

اسلام آباد(بیوروروپورٹ)پیٹرول اور ڈیزل کے بعد 4ایل پی جی لے کر جہاز پہنچ گئے،ایل پی جی کی قلت کی افواہیں دم توڑ گئیں جبکہ اوگرا نے بھی ایل پی جی کی قیمت میں بلاجواز اضافے پر ایکشن کا اعلان کردیا۔ترجمان نے کہا کہ ملک بھر میں ایل پی جی مہنگی کرنے والوں کے لئے کریک ڈاؤن ہوگا۔پورٹ قاسم انتظامیہ کے مطابق نیوٹیکیٹر اٹلانٹک بحری جہاز سے تقریباً 12ہزار ٹن ایل پی جی ڈسچارج .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7پر

ثنا یوسف کیس،عدالت نے وکلا صفائی کو آخری موقع دیدیا

اسلام آباد(آئی این پی)ٹک ٹاکر ثنا یوسف قتل کیس میں عدالت نے وکلا صفائی کو آخری موقع دیدیا۔ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں ٹک ٹاکر ثنا یوسف قتل کیس کی سماعت ہوئی۔

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی الیکٹرک بائیکس اسکیم کا افتتاح کررہے ہیں

زہری اور نوشکی میں پابندیوں نے عوام کی زندگی اجیرن کردی،این پی

موجودہ حالات میں شہریوں کو علاج ومعالجے کی سہولیات تک رسائی حاصل نہیں

کوئٹہ(آن لائن)نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ زہری میں مکمل کرفیو اور نوشکی میں شام سے صبح تک نافذ کرفیو نے عوام کی زندگی کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے۔زہری میں مسلسل کرفیو کے باعث روزمرہ ضروریات زندگی اور خورد ونوش کی اشیاء کی شدید قلت پیدا ہوچکی ہے،جس کے نتیجے میں عوام خصوصاً بچے،خواتین اور بزرگ غذائی کمی اور بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ترجمان نے کہا کہ کرفیو کی وجہ سے لوگوں کو علاج........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7پر

ژوب:آسمانی بجلی گرنے سے مالدار کی 60 بھیڑیں ہلاک

کل اثاثہ آسمانی بجلی کی نذر ہوگیا،محکمہ لائیواسٹاک اور انتظامیہ مدد کرے،رحمتان اکا

ژوب(آن لائن)ژوب قلی کوٹ میں آسمانی بجلی گرنے سے 60 بھیڑیں ہلاک تفصیلات کے مطابق کبزئی کے علاقے قلی کوٹ میں گزشتہ شام افطاری کے وقت رحمتان اکا کے مال مویشی پر آسمانی بجلی گرنے سے تقریباً 60 بھیڑیں ہلاک ہو گئیں۔علاقے کے باشندے رحمتان اکا کا کل اثاثہ،بچوں کا نان نفقہ اور ذریعہ معاش یہی بھیڑیں تھیں۔اہل .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7پر

تمام میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کو طلبہ کی لازمی رجسٹریشن کا حکم

پی ایم ڈی سی کا میڈیکل اور ڈینٹل کالجز پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

مقررہ مدت میں رجسٹریشن نہ کرنے پر فی طالبعلم 50ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا

اسلام آباد(بیوروروپورٹ)پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے ملک بھر کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کو داخل شدہ ہر طالبعلم کی لازمی رجسٹریشن یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔قواعد کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانوں اور دیگر سخت کارروائیوں کا فیصلہ بھی کرلیا۔مراسلے کے مطابق تمام سرکاری اور نجی کالجز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ داخلہ لینے والے ہر طالبعلم کی......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7پر

دہشتگردوں اور انکے معاونین کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کرینگے،پاکستان

ہماری مسلح افواج اور عوام دہشت گردی کے ناسور کے خلاف بھرپور جدوجہد کے لیے پرعزم ہیں

دہشت گردوں کے حامیوں، مددگاروں اور مالی معاونت کرنے والوں کو شکنجے میں لایا جائیگا،عدیل ممتاز

اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ برائے انسانی حقوق کونسل کیلئے پاکستان کے نمائندہ خصوصی کا اجلاس سے خطاب

نیویارک(مڈ)اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ برائے انسانی حقوق کونسل کے لئے پاکستان کے نمائندہ خصوصی عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا ہے کہ افغانستان ایک ایسا ملک ہے جو کئی دہائیوں سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی سے شدید متاثر رہا ہے،پاکستان دہشت گردی کی ہر شکل اور ہر مظہر کی مذمت کرتا ہے۔61ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عدیل ممتاز کھوکھر کا کہنا ہے کہ پاکستان........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7پر

پائیدار استحکام کیلئے ملک کو حقیقی وفاق کے طور پر چلانا ہوگا،خوشحال کاکڑ

پاکستان کی مضبوطی اور خوشحالی اس حقیقت کو تسلیم کرنے میں ہے کہ یہ ملک پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اور پنجابی اقوام کی فیڈریشن ہے

ملک کا اصل مسئلہ تب حل ہوگا جب مرکزیت کی بجائے شراکت داری کو فروغ دیا جائے ، بالادستی کی بجائے برابری کو ترجیح دی جائے

اسلام آباد/کوئٹہ(یو این اے)پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین،نومنتخب رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے قومی اسمبلی میں اپنی پہلی تقریر میں کہا ہے کہ میں اس معزز ایوان میں اپنی پہلی تقریر میں اپنے حلقے کے ووٹرز، سپورٹرز، پارٹی قائدین اور کارکنان کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے نہ صرف مجھے اپنے حلقے کی نمائندگی کے لیے بلکہ مظلوم پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اور مظلوم پنجابی عوام .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7پر

مجسٹریٹ اعجاز حسین سریاب فلائی اوور کے قریب غیر قانونی تعمیر کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

پی بی 36 ضمنی انتخابات کے غیر حتمی وغیر سرکاری نتائج نے ہلچل مچادی

بلوچستان عوامی پارٹی کے امیدوار میر ضیا اللہ لانگو بھاری اکثریت سے کامیاب

کوئٹہ(یو این اے)صوبہ بلوچستان کے حلقہ پی بی 36 قلات میں منعقدہ ری پولنگ کا عمل پرامن طریقے سے مکمل ہونے کے بعد نتائج کے اعلان نے سیاسی ہلچل مچادی ہے۔غیر حتمی وغیر سرکاری نتائج کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) کے امیدوار میر ضیا اللہ لانگو نے اپنے مدمقابل حریفوں کو شکست فاش دیتے ہوئے بھاری اکثریت سے......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7پر

دالبندین:رمضان راشن پیکج مستحقین کو ملنے کی بجائے کرپشن کی نذر

بیوائیں،یتیم اور مستحقین درخواستوں کیلئے عرائض نویسوں کے دفتروں کے چکر لگارہے ہیں

غرباء مایوس لوٹ جاتے ہیں،راشن رات کی تاریکی میں امراء اور سفارشی لے جاتے ہیں

دالبندین(بیوروچیف)حکومت بلوچستان اور پی ایم بلوچستان کی جانب سے رمضان المبارک پیکج غرباء کی بجائے رات دس بجے تا گیارہ بجے امیر طبقہ لے جارہا ہے جبکہ ضلع چاغی کے صدر مقام دالبندین میں خواتین بوڑھے عرائض نویس کے شاپ پر درخواست لکھنے تک محدود ہوگیا ہے پانچ ہزار راشن کی تحقیقات ہونا چاہیے بیوہ یتیم اور مستحقین کے درخواست وصول ہوتے جبکہ راشن رات کو امیر طبقہ لے جاتے دالبندین کے مستحقین کو کہا گیا کہ .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان ترقیاتی منصوبوں کے کانسپٹ پیپرز سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ شہر کو چوروں، ڈاکوؤں اور راہزنوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے،پشتونخوا میپ

تحصیل سٹی،صدر،سریاب اور کچلاغ میں پولیس کی غیر ذمہ دارانہ کارکردگی کے باعث شہریوں کو جان ومال کے لالے پڑے ہیں

چور،ڈاکو اور راہزن اب لوگوں کی جان لینے سے بھی دریغ نہیں کرتے ،جرائم پیشہ عناصر اور پولیس گٹھ جوڑ کا مقصد عوام کو لوٹنا ہے

کوئٹہ(پ ر)پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں بڑھتی ہوئی چوری ، ڈکیتی،راہزنی، سٹریٹ کرائمز کی وارداتیں انتہائی تشویشناک اور قابل مذمت ہے۔بیان میں کہا گیا ہے کہ تحصیل سٹی، تحصیل صدر، تحصیل سریاب اور تحصیل کچلاغ کے مختلف علاقوں متعلقہ پولیس تھانوں کی غیر ذمہ دارانہ کارکردگی نے شہریوں کو رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں جان ومال کے........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7پر

کوئٹہ:ملی یکجہتی کونسل کے زیراہتمام ایران پر حملے کیخلاف اجلاس کی صدارت مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کررہے ہیں

پسنی:ساحل کے قریب ڈولفن کے بڑے جھنڈ کا دلفریب نظارہ

ڈولفنز کی موجودگی سمندری ماحول کے صحت مند اور پرسکون ہونے کی علامت،ماہرین

پسنی(یو این اے)بلوچستان کے ساحلی شہر پسنی کے قریب سمندر میں ڈولفنز کا ایک بڑا جھنڈ دیکھا گیا ہے،جس نے مقامی لوگوں اور ساحل پر موجود سیاحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرلی ہے۔ڈولفنز کے اس خوبصورت اور دلکش منظر کو پاکستان کوسٹ گارڈز پسنی کے اہلکاروں نے بھی اپنے کیمروں میں محفوظ کرلیا۔ماہرین ماحولیات کا کہنا ہے کہ ڈولفنز کا ساحل کے قریب آنا ایک مثبت اشارہ ہے۔یہ سمندری حیات صاف اور پرسکون پانیوں میں ر........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7پر

سپریم کورٹ کا فوری نوعیت کے مقدمات کے لیے خصوصی انتظامات کا اعلان

سپریم کورٹ کا ادارتی ڈیسک جمعہ اور ہفتہ کو صرف ہنگامی مقدمات وصول کرے گا،اعلامیہ

اسلام آباد(بیوروروپورٹ)سپریم کورٹ نے فوری نوعیت کے مقدمات کے لیے خصوصی انتظامات کا اعلان کیا ہے۔اعلامیہ کے مطابق سپریم کورٹ کا ادارتی ڈیسک جمعہ اور ہفتہ کو صرف ہنگامی مقدمات وصول کرے گا۔عوامی سہولت مرکز کا ادارتی ڈیسک صبح 9 بجے سے دوپہر ساڑھے بارہ بجے تک کھلا رہے گا،فوری نوعیت کے کیسز صرف رجسٹرار کی منظوری سے........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7پر

کوئٹہ:ضلعی انتظامیہ کا گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن،38گرفتار،20جیل منتقل

مجموعی طور پر 210دکانوں کا معائنہ کیا گیا اور خلاف ورزی پر 38افراد گرفتار،20افراد جیل منتقل کرکے 15دکانیں سیل کی گئیں

رمضان المبارک میں گرانفروشی کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی،عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق رمضان المبارک کے دوران عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے گرانفروشوں کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے گئے۔اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مجموعی طور پر 210دکانوں کا معائنہ کیا گیا.......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7پر

کوئٹہ:سرکاری نرخنامے ردی کی نذر چکن 570روپے فی کلو فروخت ہونے لگا

کوئٹہ(یو این اے)صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گردونواح میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں گراں فروشوں نے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنا شروع کردیا ہے۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مرغی کے گوشت کی مقرر کردہ سرکاری قیمت 550 روپے فی کلو ہے،تاہم مارکیٹ اور دکانوں پر یہی گوشت 570روپے فی کلو تک فروخت کیا جارہا ہے،جس نے ماہ رمضان میں شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مارکیٹ مانیٹرنگ کا عمل مکمل طور پر ناکام نظر آتا ہے

کوئٹہ:آئی جی پولیس محمد طاہر انٹرنیشنل فٹبال ریفری فرح یوسف کو شیلڈ دے رہے ہیں

عوام کے مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے،سلیم کھوسہ

حلقہ انتخاب سمیت صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبے تیزی سے مکمل کررہے ہیں

نصیرآباد(نامہ نگار)پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ سے ان کے دفتر میں حلقہ انتخاب صحبت پور سمیت مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود نے ملاقات کی وفود میں معتبرین علاقہ، قبائلی عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے ملاقات کے دوران وفود نے اپنے علاقوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کو تفصیلی آگاہی .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7پر

اراکان اسمبلی کی ملاقات،ضیا اللہ لانگو کو مبارکباد

کوئٹہ(اے پی پی)سابق چیئرمین سینیٹ ورکن بلوچستان اسمبلی میر صادق سنجرانی سے بدھ کو پاکستان مسلم لیگ(ن)کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔وفد میں مسلم لیگ(ن) کے رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل بھی شامل تھے۔اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما،پارلیمانی سیکرٹری بہبود آبادی پرنس آغا عمر احمدزئی،نومنتخب رکن اسمبلی میر ضیا اللہ لانگو،سابق مشیر وزیراعلیٰ میر اعجاز خان سنجرانی ودیگر بھی موجود تھے۔ملاقات میں ملکی اور صوبے کی مجموعی سیاسی،علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے،تاج محمد بڑیچ

اضافے سے صنعتوں کا پہیہ سست ہوگا اور پیداواری لاگت میں بھی اضافہ ہوگا

کوئٹہ(نمائندہ مشرق)کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹریز کے سینئر نائب صدر حاجی تاج محمد خان بڑیچ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں راتوں رات فی لیٹر 55روپے تک ریکارڈ اضافہ ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب ملکی معیشت پہلے ہی شدید مشکلات سے دوچار ہے اور صنعتوں کو چلانا دن بدن مشکل ہوتا جارہا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے نہ صرف صنعتوں کا پہیہ مزید سست پڑ جائے گا بلکہ مصنوعات کی پیداواری لاگت اور ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔اس.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7پر

صحبت پور:پولیس اہلکار کی مبینہ طور پر خودکشی

صحبت پور(نمائندہ مشرق)تھانہ 298 کی حدود میں واقع چھلگی پل چوکی پر تعینات پولیس اہلکار کریم کندرانی گولی لگنے سے جاں بحق ہوگئے۔اہلکار کی لاش کو فوری طور پر سول اسپتال صحبت پور منتقل کردیا گیا ہے۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعے کو خودکشی قرار دیا جارہا ہے،تاہم واقعے کی حتمی وجوہات تاحال واضح نہیں ہوسکیں۔ذرائع کے مطابق مرحوم نے ایک واٹس ایپ میں مبینہ طور پر ایس ایچ او کی ناانصافیوں کا ذکر کرتے ہوئے خود کو گولی مارنے کا قدم اٹھایا۔دوسری جانب مرحوم کے ورثاء کی جانب سے ابھی تک کسی بھی قسم کی باضابطہ تصدیق یا موقف سامنے نہیں آیا،جبکہ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

حکومت تعلیمی انفراسٹرکچر کو جدید تر بنانے کیلئے کوشاں ہے،سیکرٹری مواصلات

تعلیمی اداروں میں جدید اور معیاری انفراسٹرکچر وقت کی ضرورت بن چکا ہے

کوئٹہ(سٹی رپورٹر)سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ تعلیم انفراسٹرکچر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر تعلیمی اداروں میں دور جدید کے تقاضوں کے مطابق بہتر اور معیاری انفراسٹرکچر میسر ہوگا تو اساتذہ کے ساتھ ساتھ طلبہ وطالبات کو بھی صرف اپنی تعلیم پر مکمل توجہ مرکوز کرنے میں مدد ملے گی انہوں نے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ گرلز کالج کینٹ میں جاری پروفیسر ناظمہ طالب کیمسٹری اینڈ فزکس ڈیپارٹمنٹ بلڈنگ منصوبے کے کام کا جائزہ لینے کے موقع پر کیا......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا اضافہ ظلم ہے،مولانا عبدالمالک

حکومت بلوچستان کو غریب عوام کو درپیش مشکلات کا احساس کرنا چاہیے

کوئٹہ(آن لائن)جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان پروفیسر حسین احمد شیرانی مولانا امان اللہ گرگناڑی مولانا محمد اقبال عثمانی حاجی امین اللہ امین ڈاکٹر حفیظ الرحمن کھوسہ اور گرگیری الوینٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ خطے کے مخدوش حالات کے پیش نظر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی ضرورت سے انکار نہیں لیکن حکومت نے جس تناسب سے یکدم قیمتوں میں اضافہ کیا ہے اس نے پہلے ہی معاشی بدحالی سے دوچار عوام کی کمر توڑ دی ہے جبکہ دوسری طرف سرکاری آفیسرز کو ہر مہینے غیر ضروری......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7پر

بھارتی سپریم کورٹ نے نوجوان کی زندگی ختم کرنے کی اجازت دیدی

نئی دہلی(آن لائن)بھارت میں ایک اہم عدالتی فیصلے میں سپریم کورٹ نے 13 سال سے کومے میں زندگی گزارنے والے نوجوان کو لائف سپورٹ ہٹانے کی اجازت دے دی۔عدالت نے ہرش رانا نامی 31 سالہ شخص کے والدین کی درخواست منظور کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریض کی حالت میں بہتری کی کوئی امید نہیں،اس لیے انسانی وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے لائف سپورٹ واپس لیا جاسکتا ہے۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ تشویشناک ہے،ایم ڈبلیو ایم

حکومت کی غلط پالیسیوں کا خمیازہ عوام الناس کو مہنگائی کی صورت میں بھگتنا پڑتا ہے

کوئٹہ(آن لائن)مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے جاری کردہ بیان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اشرافیہ ہمارے سروں پر حکمران کی صورت میں مسلط کردیے گئے ہیں۔جن کی عیاشیوں کا بوجھ عوام الناس کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔وفاقی حکومت کی غلط پالیسیوں کا خمیازہ عوام الناس کو مہنگائی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7پر

علامہ سید مبشر زیدی امام بارگاہ ناصر العزاء میں مجلس عزاء سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان کو آپریشنوں کی نہیں معیاری تعلیمی اداروں کی ضرورت ہے،مولانا ہدایت الرحمن

نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور ان کی صحیح رہنمائی ہی ایک مضبوط اور باوقار معاشرے کے قیام کی ضمانت ہے

آئی جے ٹی نے تعلیمی اداروں میں ہمیشہ مثبت سرگرمیوں،طلباء کے مسائل کے حل اور اسلامی اقدار کے فروغ کیلئے کردار ادا کیا

کوئٹہ(آئی این پی)امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کو تھانوں،چیک پوسٹوں آپریشنوں کی نہیں،معیاری تعلیم،تعلیمی اداروں قلم کتاب کی ضرورت ہے۔نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور ان کی صحیح رہنمائی ہی ایک مضبوط اور باوقار معاشرے کی ضمانت ہے۔اسلامی جمعیت طلباء نے ہمیشہ تعلیمی اداروں میں مثبت سرگرمیوں،طلباء کے مسائل کے......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7پر

قلات ضمنی انتخابات میں عوامی رائے پامال کردی گئی،مولانا عبدالرحمن رفیق

مسترد شدہ چہروں کو فارم 47 کے ذریعے مسلط کرنے کی روایت کو برقرار رکھا گیا،عین اللہ شمس

کوئٹہ(آن لائن)جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق،سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس،سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد،مرکزی مجلس فقہی کے سربراہ وضلعی سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان،حاجی بشیر احمد کاکڑ،مولانا حفیظ اللہ،مولانا محمد سلیمان،حافظ دوست محمد مدنی،مولانا عبدالبصیر،حافظ رشید احمد،حاجی محمد شاہ لالا،مفتی نیک محمد،حاجی نعمت اللہ اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ قلات جوہان انتخابات......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں نیند کا عالمی دن 13مارچ جمعہ کو منایا جائے گا

کوئٹہ(آن لائن)پاکستان سمیت دنیا بھر میں نیند کا عالمی دن "ورلڈ سلیپ ڈے" 13مارچ جمعہ کو منایا جائے گا۔اس دن کے منانے کا مقصد اچھی اور صحت مند نیند کے فوائد کی تلقین اور یاد دہانی ہے اور نیند کی کمی کے باعث صحت،تعلیم اور سماجی زندگی میں آنے والی پریشانیوں سے لوگوں کو باخبر کرنا ہے۔

استامحمد:صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل جمالی زیرتعمیر شدہ روڈ کا معائنہ کررہے ہیں

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کی پیشگوئی

زیارت اور ژوب میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان،محکمہ موسمیات

کوئٹہ(یو این اے)محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آج موسم خشک رہنے کا امکان ہے جبکہ شمالی اضلاع میں مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بعد از دوپہر زیارت،ژوب اور گردونواح میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 13ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ قلات اور زیارت میں 7ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔اسی طرح ژوب میں کم سے کم درجہ حرارت 12ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ادھر سبی میں کم سے......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7پر

اے سی اعجاز حسین کھوسہ مختلف علاقوں میں گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں کررہے ہیں

افغانستان میں محصور پاکستانیوں کو وطن واپس لایا جائے،نصراللہ زیرے

قانونی طور پر جانے والے ڈیورنڈ لائن کی اچانک بندش کے باعث مشکل میں ہیں

کوئٹہ(آن لائن)پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے،صوبائی سیکرٹری اول نقیب خوشحال کاسی اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سر اعظم اچکزئی اور حیات خان اچکزئی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ سے افغانستان میں موجود پاکستان سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد ڈیورنڈ لائن کی بندش کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ان افراد میں کوئٹہ اور چمن سے تعلق رکھنے والے کاروباری حضرات،تاجر اور مزدور طبقے کے افراد شامل ہیں،جو قانونی ویزے پر افغانستان گئے تھے،مگر ڈیورنڈ لائن کی اچانک بندش او......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7پر

برآمدات کو مضبوط بنانا معاشی بحالی کی حکمت عملی کا مرکزی جزو ہے،وزیر خزانہ

برآمدات پر مبنی صنعتیں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور عالمی منڈیوں میں موجودگی بڑھانے میں کردار ادا کررہی ہیں

پاکستان کے برآمدات پر مبنی شعبے طویل المدتی معاشی ترقی کو برقرار رکھنے کے لیے نہایت اہم ہیں،سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ برآمدات پر مبنی شعبوں کو مضبوط بنانا پاکستان کی معاشی بحالی کی حکمت عملی کا مرکزی جزو ہے،برآمدات پر مبنی صنعتیں معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور عالمی منڈیوں میں ملک کی موجودگی بڑھانے میں سٹریٹجک کردار ادا کررہی ہیں۔انہوں نے یہ بات بدھ کو یہاں ٹیکسٹائل اور ملبوسات .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7پر

حکمران کب تک معاشی استحکام اور ترقی کا جھوٹ بولتے رہیں گے،جمعیت نظریاتی

ملکی امن ومعیشت کو تباہی سے دوچار کردیا گیا،ملک کو آج جس قدر معاشی بحران اور مسائل کا سامنا ہے تاریخ میں ایسا نہیں ہوا

امن واقتصادی ترقی کا دارومدار خودمختار پالیسیوں اور پارلیمنٹ کے آزادانہ فیصلوں پر ہے ، پالیسیاں آئی ایم ایف مسلط کررہی ہے

کوئٹہ(پ ر)جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس البدی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن تکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7پر